بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ

بھلا ایک مضطرب کی فریاد رسی کون کرتا ہے جب وہ اسے (اللہ کو)
کو پکارتا ہے اور (کون) دور کرتا ہے (بیقرار کی) تکلیف کو

اورادِ رحمت
فی
حلِ مشکلات

مرتب
رانا جماعت علی خاں نقشبندی مجددی

حسبِ فرمائش
غلام رسول صدیقی

فیضانِ نقشبند پبلشرز
4-3 فرسٹ فلور، زبیدہ سنٹر، 40- اردو بازار، لاہور
Ph:042-7236620

أَمَّنْ يُّجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

بھلا ایک مضطرب کی فریادرسی کون کرتا ہے جب وہ اسے (اللہ کو)

کو پکارتا ہے اور (کون) دور کرتا ہے (بیقرار کی) تکلیف کو

اورادِ رحمت
فی
حلِ مشکلات

مرتب

رانا جماعت علی خاں نقشبندی مجددی

حسبِ فرمائش

غلام رسول صدیقی

فیضانِ نقشبند پبلشرز، 40-اردو بازار، لاہور

نام کتاب	اورادِ رحمت فی حلِ مشکلات
مرتب	رانا جماعت علی خان نقشبندی مجددی
حسبِ فرمائش	غلام رسول صدیقی
ناشر	فیضانِ نقشبند پبلشرز، لاہور
سال اشاعت	مارچ 2005
ہدیہ	دعائے مغفرت و بلندی درجات والدین غلام رسول صدیقی

پرنٹرز:

طیب اقبال پرنٹرز B-17 رائل پارک لاہور

فہرست

حرفِ اوّلین

قارئین کرام! ''اورادِ رحمت فی حلِ مشکلات'' کے محرک حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ کی اپنی ذات ہی ہے۔ان کے اس دارِ فانی سے رخصت ہونے کے چند روز بعد برادرم غلام رسول صدیقی صاحب نے کوئی کتاب شائع کر کے حاجی صاحب کے چہلم کے موقع پر مفت تقسیم کرنے کا عندیہ ظاہر کیا۔صدیقی صاحب کے اپنے دل میں رکن دین کی اشاعت تھا۔ بعدازاں انوار الصلوٰۃ جو نماز کی کتاب ہے، شائع کرنے کا بھی ارادہ ظاہر کیا۔ راقم دونوں تجاویز سے متفق تھا۔ اسی اثناء میں صدیقی صاحب حاجی صاحب علیہ الرحمہ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک بیاض لائے۔اس کا سرسری جائزہ لینے سے معلوم ہوا کہ حاجی صاحب علیہ الرحمہ نے اپنے 1972 کے حج مبارک اور 1995 میں جو عمرہ کیا تھا، ان کا تاریخ وار سفرنامہ ہے۔اس بیاض کے آخر میں چند وظائف نقل کیے گئے تھے جن کا تعلق حلِ مشکلات سے تھا۔

راقم کے دل میں آیا کہ کیوں نہ ایسے اوراد و وظائف پر مشتمل کتاب ترتیب دی جائے۔اس کا ذکر صدیقی صاحب سے کیا تو انہوں نے بھی کلی طور پر اس تجویز سے اتفاق کر لیا۔اسی وقت اس کتاب کا نام ''اورادِ رحمت فی حل مشکلات'' رکھنے کا فیصلہ ہو گیا۔وقت انتہائی کم تھا مگر حاجی رحمت علی صاحب کے روحانی فیوضات رہبر کا کام دیتے رہے اور اتنی قلیل مدت میں ''اورادِ رحمت فی حلِ مشکلات'' پایہ تکمیل کو پہنچی کہ راقم اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ انتہائی پُرفتن دور ہے۔ ہر طرف افراتفری، چور بازاری، اقربا دشمنی، جادو، ٹونے اور سحر کا دور دورہ ہے۔عوام الناس انتہائی پریشانیوں

کا شکار ہیں۔تقریباً ہر خاندان نا اتفاقی کا شکار اور رزق کی کمی کا شاکی دکھائی دیتا ہے۔ بازار میں ایسے وظائف و اوراد پر مشتمل کتب دستیاب ہیں جن پر عمل کرنے کے لئے بیسیوں سال درکار ہیں۔پھر ان اوراد پر عمل کرنے کے لیے جلالی اور جمالی حیوانات کو ترک کرنے کی پابندی، جس سے پریشان حال مزید بدحال ہو جاتا ہے۔

راقم نے ایسے اوراد و وظائف کا انتخاب کیا ہے جن کا دنیوی اور اخروی زندگی کو سنوارنے سے تعلق ہے۔یہ اوراد قرآن حکیم کی سورتوں، قرآن و حدیث سے ثابت دعاؤں اور اسمائے حسنیٰ پر مشتمل ہیں۔ان کو پڑھنے سے نہ صرف زمینی و آسمانی آفات و بلیات سے محفوظ رہا جا سکتا ہے بلکہ ہر قسم کے سفلی اثرات سے بھی محفوظ و مامون رہا جا سکتا ہے۔

''اورادِ رحمت فی حلِ مشکلات'' نام تجویز کا کرنے کا جواز یہ ہے کہ قرآن حکیم سراپا رحمت ہے۔مزید براں مولائے کل ختم الرسل ہادیٔ بیکساں حضور سرورِ انبیاء علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زبان حق ترجمان سے نکلی ہوئی دعائیں نہ صرف دنیوی مشکلات کا حل ہیں بلکہ اخروی زندگی میں نجات کا بھی سامان ہیں۔یہ محض اتفاق ہے کہ حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ کے نام کا حصہ بھی اس میں شامل ہو گیا ہے جو بجائے خود باعثِ برکت ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان اوراد و وظائف کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے۔ مجھے اور قارئین کو جملہ مشکلات و پریشانیوں سے نجات دے۔ آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

رانا جماعت علی خاں نقشبندی مجددی

مرید باصفا — جناب حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ

(رانا جماعت علی خاں نقشبندی مجددی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ وَ نُسَلِّمُ عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیم

انسان کی زندگی کا مقصدِ وحید اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت کرنا ہے جس پر قرآن حکیم شاہدِ عادل ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ (الآیہ)

لیکن عبادت وہ قبول ہوتی ہے جو کسی نبی یا رسول کی شریعت کے مطابق کی جائے مگر سرورِ کائنات، فخرِ موجودات، ختم الرسل، دانائے سبل حضرت محمد مصطفیٰ، احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت سے سابقہ انبیاء و رُسل کی شرائع منقطع ہوگئیں اور آقائے بحر و بر امام الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت تا قیامِ قیامت نافذ ہوگئی۔قرآن حکیم کی رو سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کو چار امور کی سرانجام دہی تفویض ہوئی: ا۔ تلاوت آیات، ۲۔تزکیۂ نفوس، ۳۔ کتاب کا علم اور ۴۔ دانش وبینش کی باتیں۔جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے"ھُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلاً مِّنْھُمْ یَتْلُوْا عَلَیْھِمْ اٰیٰتِہٖ وَیُزَکِّیْھِمْ وَ یُعَلِّمُھُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ ۔۔۔" مگر نبی کریم رؤف الرّحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد کارہائے بالا کی سرانجام دہی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کے دو گروہوں کے سپرد ہوئی، ایک علمائے ربانی جن کو اصطلاحِ تصوف میں اولیائے کرام کہا جاتا ہے، دوسرے علمائے حقہ۔علمائے ربانی وہ بزرگوار ہیں جو نبی کریم صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کی کامل اتباع کر کے عوام الناس کو دین مبین کی عملی تربیت دیتے ہیں جبکہ علمائے حقہ ظاہری تعلیمات دینے پر مقرر ہیں۔

علمائے ربانی جن کو امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی علمائے راسخین کا خطاب عطا فرماتے ہیں، وہ دین کے باطنی علوم کے وارث ہیں۔ان بزرگ ہستیوں نے شریعتِ مطاہرہ پر کامل و مکمل عمل کر کے نہ صرف اپنے درجات کی بلندی کا سامان پیدا کیا بلکہ امت مرحومہ کے بے راہرو اور گم کردہ راہ انسانوں کو بھی سرورِ انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اتباع کرنے کی تحریص و ترغیب دی اور انہیں منزلِ مقصود تک پہنچایا۔انہی کاملین عارفوں میں سیدنا وسندنا حضور پیر سیّد جماعت علی شاہ المعروف شاہِ لاثانی قدس سرہٗ کی ذاتِ گرامی ہے۔ میرے ممدوح حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین، حضور شاہِ لاثانی قدس سرہٗ النورانی کے ہی مرید باصفا تھے۔

مومن کے سیرت و کردار کو پرکھنے کی کسوٹی اسوۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ جتنا کوئی اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول پر کاربند ہوگا، اتنا ہی وہ بارگاہِ رب العزت میں مقبول ہوگا۔حضور سیدی و مرشدی شاہِ لاثانی قدس سرہٗ النورانی کی سیرت نہ صرف اولیائے کاملین کا نمونہ تھی، بلکہ اسوۂ حسنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بھی عکسِ جمیل تھی۔یہی وجہ ہے کہ جو بھی شخص آپ کے دامن سے وابستہ ہوتا تھا، اس کی سیرت و کردار بھی اتباعِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سانچے میں ڈھل جاتا تھا۔

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ 1935 یا 1936 میں شاہِ لاثانی قدس سرہٗ النورانی کے دامنِ پاک سے وابستہ ہوئے۔اس وقت آپ کی عمر شریف 16 سال تھی۔حاجی صاحب کو اپنے مرشدِ کامل کی صحبت صرف تین یا چار سال نصیب ہوئی۔انسان کی عمر کا یہ

3

دور عموماً لا اُبالی پن کا دور ہوتا ہے۔ اس دور میں سنورنے کی بجائے بگڑنے کے زیادہ مواقع ہوتے ہیں۔ مگر جو شخص اس عمر میں کسی ولیٔ کامل کے دامن سے وابستہ ہو جائے وہ وقت کے ساتھ ساتھ صالح ترین ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ مشہور ہے:

در جوانی توبہ کردن شیوۂ پیغمبری

وقتِ پیری گرگ ظالم می شود پرہیز گار

حاجی صاحب علیہ الرحمہ فرمایا کرتے تھے کہ جب میں حضور شاہِ لاثانی کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہوتا تو مجھ پر بے خودی کا عالم طاری ہو جاتا اور میں بے اختیار اپنے شیخ کے چہرے کو تکتا رہتا۔ ایک دفعہ آپ نے فرمایا کہ میرے گھٹنوں میں رینگنی کا درد تھا جو متعدد حکماء سے علاج کرانے سے بھی دور نہ ہوا، لیکن جب اپنے شیخِ کامل کے وصال کا سنا تو نمازِ جنازہ میں شریک ہونے کے لیے میں کئی میل تک بے خود تیز تیز چلا۔ شدت غم اور مرشد کے دائمی فراق کی وجہ سے میں اتنا از خود رفتہ تھا کہ مجھے درد کا احساس تک نہ ہوا۔ مجھے نمازِ جنازہ تو نہ مل سکی لیکن میری حسن نیت اور اپنے شیخ کامل سے سچی محبت رنگ لائی اور میرے گھٹنوں کا درد جاتا رہا جو بقیہ عمر کبھی دوبارہ لاحق نہیں ہوا۔

حاجی صاحب ممدوح کو میرے شیخ کامل عمدۃ الواصلین پیر طریقت رہبرِ شریعت قبلہ عالم الحاج پیر سید علی حسین شاہ قدس سرہٗ المعروف نقشِ لاثانی کی ذاتِ گرامی سے بھی والہانہ عقیدت و محبت تھی۔ حاجی صاحب کی عمر کا بقیہ حصہ حضور نقشِ لاثانی علیہ الرحمہ کی زیر تربیت ہی بسر ہوا۔ ایک دفعہ حاجی صاحب نے فرمایا کہ حضور نقشِ لاثانی علیہ الرحمہ کے وصال کے بعد میں اس تذبذب میں تھا کہ آپ کے

دونوں صاحبزادوں میں سے کس کے ساتھ اپنا تعلق رکھوں۔ ایک محفلِ نعت میں مجھے قدرے اونگھ آ گئی۔ دیکھتا کیا ہوں کہ حضور شاہِ لاثانی علیہ الرحمہ کے پیچھے حضور نقشِ لاثانی آ رہے ہیں۔ اُن کے پیچھے سید عابد حسین شاہ صاحب ہیں۔ بیدار ہونے پر میرا تذبذب جاتا رہا اور میں نے سید عابد حسین شاہ علیہ الرحمہ سے وابستہ ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ حضور سید عابد حسین شاہ المعروف نقشۂ نقشِ لاثانی کے وصال کے بعد حاجی صاحب علیہ الرحمہ نے اُن کے بڑے صاحبزادہ سید ظفر اقبال دامت برکاتہم سے اپنا روحانی تعلق قائم کر لیا۔ یہ تعلق نہ صرف آخر وقت تک قائم رکھا، بلکہ اپنی تمام اولاد کو بھی تاکیداً سید ظفر اقبال شاہ صاحب سے توڑ نبھانے کا حکم فرمایا۔ یہی وجہ ہے کہ جب جناب غلام رسول صدیقی صاحب کا صاحبزادہ محمد عثمان صدیقی اعلیٰ تعلیم کے لیے آسٹریلیا جانے لگا تو اسے سید ظفر اقبال شاہ صاحب کے ہاتھ پر بیعت کروایا۔ اس سے قبل نعمان رسول صدیقی یعنی اپنے پوتے اور غلام رسول صدیقی کے بڑے صاحبزادے کو حضور نقشۂ نقشِ لاثانی کا بیعت کروا چکے تھے۔ حاجی صاحب کی سیرت و کردار پر قلم اٹھانا سہل کام نہیں۔ تاہم آپ کی سیرت کے چند پہلو اختصار کے ساتھ بیان کرنے کی سعادت حاصل کرنے کی کوشش کروں گا۔

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ سے راقم کی پہلی ملاقات دربارِ عالیہ شاہِ لاثانی علی پور سیداں شریف میں ہی ہوئی تھی لیکن زیادہ شناسائی نہ تھی۔ 1972 میں میرے ولیٔ نعمت منبعِ فیوضات، رہبرِ کامل، شیخ کریم حضور نقشِ لاثانی علیہ الرحمہ نے کمال شفقت فرماتے ہوئے شرف خدمت سے نوازا اور بطور خادم سفرِ حج اور دربارِ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے اپنے ہمراہ لے گئے۔ اسی سال حاجی

رحمت علی علیہ الرحمہ بھی حج کی سعادت حاصل کرنے کے لئے حرمین شریفین تشریف لے جا چکے تھے۔ وہ ہمیں مدینہ منورہ میں ملے اور پھر کیا تھا کہ حاجی صاحب دن رات کا بیشتر حصہ روضۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور ولی نعمت حضور نقش لاثانی کی بارگاہ میں گزارتے۔ اس سال ہمیں مدینہ منورہ میں 32 دن قیام کرنے کا موقع میسر آیا۔ حاجی صاحب اپنے شب و روز بارگاہِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں درود وسلام کے نذرانے پیش کر کے گزارتے اور میرے شیخِ کامل کی صحبت میں رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کے جام نوش کرتے رہے۔

سچ پوچھئے تو حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ واقعی مرید صادق تھے۔ آپ انتہائی خلیق، رحمدل، سادگی پسند اور حلیم الطبع شخصیت کے مالک تھے۔ دھیمی آواز میں گفتگو کرنا ان کی عادت تھی۔ شاہِ لاثانی و نقشِ لاثانی علیہما الرحمہ کے خادموں سے دل کی گہرائیوں سے عزت وتوقیر سے پیش آتے۔ صبر و بردباری کے پیکر تھے۔ حلم وتحمل ان کی عادت ثانیہ تھی۔ اپنے شیخِ کامل کی اتباع میں سادہ خوراک اور سادہ لباس کو بہت پسند فرماتے تھے۔ غرضیکہ ان کی سیرت اپنے شیخِ کامل کا مکمل نمونہ تھی۔

سوانح حیات

پیدائش

حاجی رحمت علی مرحوم و مغفور 10 نومبر 1919 کو تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ کے موضع مسیال میں پیدا ہوئے۔ وہیں پلے بڑھے اور جوان ہوئے۔

بچپن

آپ طبعی طور پر نازیبا کھیل کود سے متنفر تھے۔ بچپن ہی سے بزرگانِ دین سے لگاؤ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ نوجوانی کے آغاز سے ہی شہبازِ لامکانی حضور الحاج پیر سید جماعت علی شاہ لاثانی قدس سرہٗ النورانی سے وابستہ ہو گئے۔

تعلیم

آپ نے مڈل کا امتحان پاس کیا تو آپ کے والد گرامی سخت علیل رہنے لگے جس کی وجہ سے آپ تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔ تاہم حصول تعلیم کی تشنگی کا مداوا اپنی اولاد اور چھوٹے بھائی کو اعلیٰ تعلیم دلوا کر کرلیا۔ حاجی صاحب اپنے عزیز و اقارب کے بچوں کو تعلیم حاصل کرتے دیکھ کر بہت خوش ہوتے اور بعض کے تعلیمی اخراجات میں معاونت بھی فرماتے۔

جوانی

قبل ازیں ذکر ہو چکا ہے کہ آپ اوائل جوانی میں ہی شاہِ لاثانی علیہ الرحمہ کے دستِ حق پرست پر بیعت سے مشرف ہو چکے تھے۔ شیخ کامل کی سیرت و کردار اسوۂ حسنہ کا پرتو تھی۔ اس لیے لامحالہ حاجی صاحب اپنے شیخ کی سیرت سے بجا طور پر

متاثر ہوئے اور اپنی جوانی کو دنیوی لعب ولہو کی آلائشوں سے بچائے رکھا۔ اپنی بساط بھر جوانی کو پاکیزہ رکھا۔

بیعت

آغاز میں بتایا جا چکا ہے کہ آپ سولہ سال کی عمر میں ہی شہباز لامکانی شیخ لاثانی الحاج پیر سید جماعت علی شاہ علیہ الرحمہ کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کر چکے تھے۔ سیدی ومرشدی حضور قبلہ دو عالم شاہ لاثانی مکمل و اکمل شیخ تھے۔ آپ کی روحانی پرواز بہت اونچی تھی، آپ کے روحانی کمالات کا اندازہ کرنا ہر کس و ناکس کے بس کی بات نہیں تھی۔ حضور کی توجہ میں خاص تاثیر تھی۔ بیعت کرتے ہی اپنی خصوصی توجہات سے اچھی استعداد کے مالک مرید کی کایا پلٹ کر رکھ دینا آپ کا کمال تھا۔ حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ میں روحانی استعداد کی بہتات تھی۔ لہٰذا آپ کا باطن جلد ہی حضور کی توجہاتِ باطنی سے مزکی ہو کر منور ہو گیا۔ یہ تاثیر ہمیشہ آپ کی حیاتِ فانی پر اثر انداز رہی جس سے حاجی صاحب کا باطن شیخ کے رنگ میں رنگا گیا۔ حاجی صاحب اکثر فرمایا کرتے تھے کہ "خلافت لینا کوئی مشکل کام نہیں، اصل کام یہ ہے کہ بندہ اپنے شیخ کے رنگ میں رنگا جائے۔"

حقیقت یہ ہے کہ بیعت کا مقصد ہی یہ ہے کہ انسان اپنے شیخ کے پاس بے دام فروخت ہو جائے۔ اپنی انا اور مرضی کو شیخ کی مرضی کے تابع کر دے۔ جس طرح مردہ غسال کے ہاتھ میں بے دست و پا ہوتا ہے، اسی طرح مریدِ صادق اپنے شیخ کی بارگاہ میں اپنی مرضی اور اختیار کو تج کر دیتا ہے۔ حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ اس امتحان میں کامیاب رہے اور انہوں نے اپنی ساری زندگی اپنے شیخ کے ہر فرمان کی پاسداری کی۔

اخلاق وعادات

عجز وانکسار

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

''مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے جس سے لوگ اپنے مال اور اپنی جانوں پر امان پائیں، مہاجر وہ ہے جو خطائیں اور گناہ چھوڑ دے اور مجاہد وہ ہے جو اللہ کی اطاعت میں اپنے نفس سے مجاہدہ کرے۔ (بزار، طبرانی)

یہ حدیث مبارکہ انسانی اخلاق کی اساس ہے۔ اس حدیث پاک پر عمل پیرا ہونے والے کے اخلاق وعادات اس درجہ تک نکھر جاتے ہیں کہ اس کی زندگی سے تمام اخلاقِ رذیلہ از قسم چغلی، غیبت، غصہ، شہوت، بغض وحسد، کینہ، تکبر، غرور، نام ونمود، سمعہ وریا، بخل وعُجب، حرص وہوا، زنا، چوری اور خون ریزی وغیرہ کا قلع قمع ہو جاتا ہے اور اخلاقِ حسنہ از قسم حلم وتحمل، برداشت وبردباری، صبر وشکر، توکل وقناعت، خوف ورجاء، زہد وتقویٰ، اخلاص، صدق وصفا، داد ودہش وغیرہم سے مملو ہو جاتا ہے مگر یہ سب کچھ شیخ کامل کی توجہ کے بغیر ناممکن ہے کیونکہ کامل ومکمل شیخ اپنی فراست سے دیکھ لیتا ہے کہ اس مرید میں کتنی استعداد ہے اور پھر وہ اپنی توجہات سے مریدِ صادق کے سینے سے رذائل کی بیخ کنی کر کے اخلاق حمیدہ کی صفات کا راستہ کھول دیتا ہے۔ نہ صرف سیدی ومرشدی حضور شاہِ لاثانی قدس سرہٗ العزیز بلکہ میرے شیخ کامل ومکمل حضور قبلہ عالم الحاج پیر سید علی حسین شاہ علیہ الرحمہ حد درجہ فراستِ روحانی کے حامل تھے۔

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ نے دونوں ہستیوں سے اکتساب فیض کیا تھا۔
آپ جب ان کی بارگاہ میں حاضر ہوتے تھے تو ان پر کمال درجہ کی عجز و انکساری طاری ہو جاتی تھی۔ ایسے معلوم ہوتا تھا جیسے مردہ بدستِ غسال ہو۔ اس عجز و انکساری میں تصنع اور دکھاوا نام کو نہیں ہوتا تھا۔ حضور قبلۂ عالم حاجی صاحب علیہ الرحمہ کی اس والہانہ محبت و عقیدت کی بنا پر ان سے از حد شفقت سے پیش آتے تھے۔

سنت کی پیروی

طریقۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس میں سنت کی پیروی کا نہایت اہتمام والتزام کیا جاتا ہے اور ہر قسم کی بدعت سے اجتناب کیا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ ذکر جہر کو بھی جائز نہیں سمجھا جاتا۔ ظاہر ہے اس طریقہ میں سنت کا اتباع زیادہ ہونے کی وجہ سے اس میں انوار مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی زیادہ ہیں کیونکہ جس قدر کسی طریقہ و نسبت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انوار زیادہ ہوں گے، اسی قدر وہ نسبت فضیلت والی اور ممتاز ہو گی۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہٗ النورانی کا ارشادِ گرامی ہے:

> ''ہمارا طریقہ نادر اور عروۃ الوثقیٰ ہے۔ اس میں سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بدرجۂ کمال اقتدا کرنا اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے آثار کی پیروی کرنا ہے۔''

پھر فرمایا:

> ''طریقہ عالیہ نقشبندیہ قریب ترین، سبقت والا، سنت کے زیادہ موافق، زیادہ مستقیم مبنی بر صداقت، فضیلت والا، بڑا ارفع و اعلیٰ

اور کامل ترین ہے۔ اس طریقہ کی یہ تمام بزرگی اور اس سلسلہ کے
مشائخِ عظام کی بلند شان سنتِ سنیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کی
کامل پیروی اور بدعتِ سیئہ سے کلی اجتناب کی وجہ سے ہے۔
اسی وجہ سے ان کے حضور و آگہی میں دوام ہے۔"

اسی حضور و آگہی کے دوام کی وجہ سے یہ سلسلہ عالیہ دوسرے سلاسل طریقت پر فوقیت لے گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اتباعِ سنت کا بلند درجہ یہ ہے کہ شریعت مطہرہ کے احکام مومن کی عادت کا حصہ بن جائیں اور اس سے بے تکلف وہی افعال صادر ہوں جو اللہ تبارک وتعالیٰ اور حضور خاتم النبیین علیہ التحیہ والثناء کی خوشنودی کا باعث ہوں۔ حضور قبلہ دو عالم شاہِ لاثانی وقبلہ عالم حضور نقشِ لاثانی اتباعِ سنت کے اسی درجہ پر فائز تھے۔ بحمدہٖ تعالیٰ ان کا ہر کام شریعت وطریقت کا مظہر اتم اور معیار تھا۔ آپ رخصت کی بجائے عزیمت جو نقشبندیوں اور مجددیوں کا طرۂ امتیاز ہے، فتویٰ کی بجائے تقویٰ، فتوحاتِ مکیہ کے بجائے فتوحاتِ مدنیہ پر عامل تھے۔ جو خوش نصیب ان کے دامنِ شفقت سے وابستہ ہو جاتا تھا، وہ ان کی استقامت کو دیکھ کر خود بھی اسی جادۂ مستقیم پر گامزن ہو جاتا تھا۔

حاجی رحمت علی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی حیات مستعار کو اسی سانچہ میں ڈھال لیا تھا۔ نہ صرف خود سنت کی پیروی کرتے تھے، بلکہ اولاد، عزیز واقارب اور دوست احباب کو بھی سنت پر عمل کرنے کی ترغیب وتحریص دیا کرتے تھے۔ اپنی اولاد کو رزقِ حلال کمانے کی تلقین کرتے تھے اور خود بھی تمام عمر سنت کی پیروی میں کپڑے کا کاروبار کر کے رزقِ حلال کمایا۔ لین دین کے معاملہ میں قرآن وحدیث کی روشنی میں

تحریر لکھتے اور لکھواتے تھے حتیٰ کہ یہ معاملہ اپنی اولاد کے ساتھ بھی کرتے تھے۔ جتنی رقم کسی بیٹے نے بھیجی، اس کا باقاعدہ تحریری ریکارڈ رکھتے تھے اور اس سلسلہ میں اپنی اولاد و امجاد کو تاکید کرتے تھے۔ انتہائی درجے کے امانت دار تھے۔ لوگ اپنی امانتیں ان کے پاس رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ مانگنے والے بھی اپنی امانتیں حاجی صاحب کے سپرد کر دیتے تھے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے رجسٹر بنایا ہوا تھا جس پر باقاعدہ سب کا حساب کتاب رکھتے تھے۔

خلافِ سنت کوئی کام بھی کرنا گوارا نہیں کرتے تھے حتیٰ کہ پانی پینا، کھانا کھانا، کپڑے پہننا، لین دین اور روزمرہ معمولات سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق کرتے تھے۔ دائیں ہاتھ سے چیز پکڑتے اور دائیں ہاتھ سے ہی کسی کو کچھ دیتے اور اولاد کو بھی ان اعمال پر عمل پیرا ہونے کی تاکید کرتے تھے۔

عزیز و اقارب حاجی صاحب سے دنیوی معاملات میں مشاورت کرنا بھی ضروری خیال کرتے تھے اور پھر ان کی رائے کو اہمیت بھی دیتے تھے۔ آخری دو سال کے دوران دینی امور اور فقہی مسائل سے آگاہی حاصل کرنے پر زور دیتے رہے۔ خاندان کی بہو بیٹیوں کو دوپٹہ اوڑھنے اور پردہ کی تلقین، باحیا لباس پہننے اور نامحرم افراد سے گھل مل کر بات کرنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔ پہننے والے کپڑوں کو سنت کی پیروی میں ٹانکے لگواتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں کھجوریں، زیتون کا تیل اور شہد کا استعمال کرنے کو پسند فرماتے تھے۔ اپنا کام خود کرنے کے عادی تھے۔ بلاوجہ کسی کو تکلیف دینا گوارا نہیں تھا۔ سچ بولتے اور سچ بولنے کی تاکید کرتے تھے۔ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ کے مصداق سچوں سے دوستی اور محبت کرنے کا مشورہ دیتے۔

اور کامل ترین ہے۔ اس طریقہ کی یہ تمام بزرگی اور اس سلسلہ کے
مشائخِ عظام کی بلند شان سنتِ سنیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم کی
کامل پیروی اور بدعتِ سیئہ سے کلی اجتناب کی وجہ سے ہے۔
اسی وجہ سے ان کے حضور و آگہی میں دوام ہے۔"

اسی حضور و آگہی کے دوام کی وجہ سے یہ سلسلہ عالیہ دوسرے سلاسل طریقت پر فوقیت لے گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اتباعِ سنت کا بلند درجہ یہ ہے کہ شریعت مطہرہ کے احکام مومن کی عادت کا حصہ بن جائیں اور اس سے بے تکلف وہی افعال صادر ہوں جو اللہ تبارک وتعالیٰ اور حضور خاتم النبیین علیہ التحیہ والثناء کی خوشنودی کا باعث ہوں۔ حضور قبلہ دو عالم شاہِ لاثانی وقبلۂ عالم حضور نقشِ لاثانی اتباعِ سنت کے اسی درجہ پر فائز تھے۔ بحمدہٖ تعالیٰ ان کا ہر کام شریعت وطریقت کا مظہر اتم اور معیار تھا۔ آپ رخصت کی بجائے عزیمت جو نقشبندیوں اور مجددیوں کا طرۂ امتیاز ہے، فتویٰ کی بجائے تقویٰ، فتوحاتِ مکیہ کے بجائے فتوحاتِ مدنیہ پر عامل تھے۔ جو خوش نصیب ان کے دامنِ شفقت سے وابستہ ہو جاتا تھا، وہ ان کی استقامت کو دیکھ کر خود بھی اسی جادۂ مستقیم پر گامزن ہو جاتا تھا۔

حاجی رحمت علی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی حیات مستعار کو اسی سانچہ میں ڈھال لیا تھا۔ نہ صرف خود سنت کی پیروی کرتے تھے، بلکہ اولاد، عزیز واقارب اور دوست احباب کو بھی سنت پر عمل کرنے کی ترغیب وتحریص دیا کرتے تھے۔ اپنی اولاد کو رزقِ حلال کمانے کی تلقین کرتے تھے اور خود بھی تمام عمر سنت کی پیروی میں کپڑے کا کاروبار کر کے رزقِ حلال کمایا۔ لین دین کے معاملہ میں قرآن وحدیث کی روشنی میں

تحریر لکھتے اور لکھواتے تھے حتیٰ کہ یہ معاملہ اپنی اولاد کے ساتھ بھی کرتے تھے۔ جتنی رقم کسی بیٹے نے بھیجی، اس کا باقاعدہ تحریری ریکارڈ رکھتے تھے اور اس سلسلہ میں اپنی اولاد و امجاد کو تاکید کرتے تھے۔ انتہائی درجے کے امانت دار تھے۔ لوگ اپنی امانتیں ان کے پاس رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ مانگنے والے بھی اپنی امانتیں حاجی صاحب کے سپرد کر دیتے تھے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے رجسٹر بنایا ہوا تھا جس پر باقاعدہ سب کا حساب کتاب رکھتے تھے۔

خلافِ سنت کوئی کام بھی کرنا گوارا نہیں کرتے تھے حتیٰ کہ پانی پینا، کھانا کھانا، کپڑے پہننا، لین دین اور روزمرہ معمولات سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق کرتے تھے۔ دائیں ہاتھ سے چیز پکڑتے اور دائیں ہاتھ سے ہی کسی کو کچھ دیتے اور اولاد کو بھی ان اعمال پر عمل پیرا ہونے کی تاکید کرتے تھے۔

عزیز و اقارب حاجی صاحب سے دنیوی معاملات میں مشاورت کرنا بھی ضروری خیال کرتے تھے اور پھر ان کی رائے کو اہمیت بھی دیتے تھے۔ آخری دو سال کے دوران دینی امور اور فقہی مسائل سے آگاہی حاصل کرنے پر زور دیتے رہے۔ خاندان کی بہو بیٹیوں کو دوپٹہ اوڑھنے اور پردہ کی تلقین، باحیا لباس پہننے اور نامحرم افراد سے گھل مل کر بات کرنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔ پہننے والے کپڑوں کو سنت کی پیروی میں ٹانکے لگواتے تھے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں کھجوریں، زیتون کا تیل اور شہد کا استعمال کرنے کو پسند فرماتے تھے۔ اپنا کام خود کرنے کے عادی تھے۔ بلاوجہ کسی کو تکلیف دینا گوارا نہیں تھا۔ سچ بولتے اور سچ بولنے کی تاکید کرتے تھے۔ کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ کے مصداق سچوں سے دوستی اور محبت کرنے کا مشورہ دیتے۔

گھریلو ملازمین کے ساتھ حسنِ سلوک

گھریلو ملازمین کی ضروریات کا خیال رکھتے تھے۔ اکثر اوقات سوال کرنے سے قبل ہی ان کی حاجت روائی کر دیتے تھے۔ ملازمین سے پوچھتے کتنی تنخواہ ہے، کیا اس تنخواہ میں گزارہ ہو جاتا ہے، کیا تنخواہ میں اضافہ ہوا یا نہیں؟ وغیرہ

انفاق فی سبیل اللہ

قرآن حکیم کی رو سے مومن نہ اپنی جان کا مالک ہے اور نہ مال کا۔ اس کے جان و مال دونوں اللہ کی رضا کے لیے وقف ہیں۔ بندۂ مومن جب جان و مال قربان کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر لیتا ہے تو دونوں جہانوں کی کامیابی اس کے قدم چومتی ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ اور جود وسخا انسان کی سیرت کے ایک ہی رخ کا نام ہے۔ چونکہ حضور قبلۂ عالم شاہِ لاثانی ونقشِ لاثانی علیہما الرحمہ سخاوت کے دریا تھے، ان کی سیرت کے اس پہلو نے بھی حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ کی سیرت پر مثبت اثرات مرتب کیے۔ ایک دفعہ گاؤں سے ایک عزیز آئے۔ حاجی صاحب کو ان سے وقت پوچھنے پر معلوم ہوا کہ ان کے پاس گھڑی نہیں تو اپنی گھڑی جو انہیں بہت ہی پسند تھی، اس کو عطا کر دی۔ اسی طرح ایک عزیزہ سردیوں کے موسم میں گھر آئی جس کے سر پر صرف ہلکا سا دوپٹہ تھا۔ اسے گرم چادر منگوا کر دے دی۔ جو چیز خود کو بہت زیادہ پسند ہوتی، اسے فی سبیل اللہ کسی ضرورت مند کو دے دیتے تھے۔ اسی طرح غریب رشتہ داروں کی خفیہ مدد کرنے کو پسند فرماتے تھے۔

شبانہ روز معمولات

مومن جب اپنے شیخ کامل کی محبت میں از خود رفتہ ہو جاتا ہے تو وہ اپنے

مربی و محسن مرشد کے ہر فعل کو حرزِ جان بنالیتا ہے، کیونکہ مرشد حقانی کا ہر فعل اور ہر سانس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی ادائیگی میں گزرتا ہے۔ پھر نقشبندی و مجددی بزرگوار اپنے طریقہ کو عین صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا طریقہ قرار دیتے ہیں، رخصت کی بجائے عزیمت پر عمل کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ حضور شاہِ لاثانی و نقشِ لاثانی علیہما الرحمہ اتباع سنت میں کما حقہٗ عمل پیرا ہونے کی سعی بلیغ کیا کرتے تھے۔ حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ بھی اپنے مشائخ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے جادۂ شریعت و طریقت پر گامزن رہے۔ اس کی ایک جھلک ان کے شبانہ روز معمولات میں دیکھی جاسکتی ہے۔

نمازِ تہجد

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ اپنے دن کا آغاز نمازِ تہجد سے کیا کرتے تھے۔ نمازِ تہجد کے متعلق علمائے حقہ کا اجماع ہے کہ یہ نبی کریم رؤف رّحیم پر فرض تھی جسے اولیائے کرام نے بھی فرض و واجب کی طرح ہی ادا کیا۔ ہمارے مربی و محسن حضرت قبلۂ دو عالم شاہِ لاثانی و نقشِ لاثانی علیہما الرحمہ بیعت کرتے وقت نمازِ تہجد کی ادائیگی کی پرزور تلقین فرماتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حاجی صاحب علیہ الرحمہ نوجوانی سے ہی نمازِ تہجد استقامت کے ساتھ ادا فرمایا کرتے تھے۔ آپ کبھی دو تہائی، کبھی ثلث رات گئے نمازِ تہجد کے لیے اٹھتے تھے۔ مسنون دعائیں پڑھتے اور وضو کرکے باہمت تمام نمازِ تہجد میں مشغول ہو جاتے۔ تہجد کی کبھی آٹھ رکعت اور کبھی بارہ رکعت ادا کرتے تھے۔ بعد ازاں تحمید و تہلیل و تسبیح، درود شریف اور قرآن مجید کی تلاوت کرتے تھے۔ قرآن حکیم کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کے مطالب و مفاہیم کے لیے ترجمہ و تفسیر بھی پڑھتے تھے۔

سورہ مزمل اور سورہ یٰسین بلاناغہ پڑھتے تھے اور آہ وگریہ زاری بدرگاہِ رب کریم بھی زندگی بھر معمول رہا کیونکہ آہِ سحرگاہی سے بے بہا فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ اکثر اوقات مندرجہ ذیل شعر پڑھتے جاتے اور گریہ وزاری کرتے جاتے۔ بسا اوقات رِقت کے عالم میں اونچی آواز میں رونے لگتے تھے۔

عدل کریں تے تھر تھر کمبن اُچیاں شاناں والے
فضل کریں تے بخشے جاون مَیں جئے منہ کالے

نمازِ فجر

نمازِ فجر با جماعت مسجد میں ادا کرتے۔ شیخ کامل کے طریق پر مراقبہ پوری محویت سے کرتے۔ دن چڑھے تک دیگر اوراد و وظائف میں مشغول رہتے تھے۔ خصوصاً درودِ مستغاث، سورہ اخلاص اور اپنے سلسلہ کے مشائخ کا شجرہ شریف پڑھنے کا معمول تھا۔

نمازِ اشراق

نمازِ اشراق بھی باقاعدگی سے ادا کرتے رہے۔ نمازِ اشراق کے بعد ناشتہ کر کے اپنے شیخِ کامل کی سوانح حیات ''انوارِ لاثانی'' کا بلاناغہ مطالعہ کرتے تھے۔

نمازِ چاشت

جب دھوپ تیز ہو جاتی تو نمازِ چاشت ادا کرتے۔ اپنے مربی و محسن کے مناقب پڑھنا بھی روزانہ کا معمول تھا۔ سلطان العارفین حضرت سلطان باہو قدس سرہٗ العزیز کے ابیات پڑھنا بھی روزانہ کے معمولات میں سے تھا۔

قیلولہ

نمازِ چاشت کے بعد دن کی دیگر مصروفیات میں مشغول ہو جاتے اور قبل از

نمازِ ظہر سنت مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء کے پیش نظر قیلولہ کرتے تھے۔

نمازِ ظہر

قیلولہ کے بعد نمازِ ظہر پڑھتے۔ کبھی کبھی قیلولہ نمازِ ظہر کے بعد بھی کرتے تھے۔

نمازِ عصر

نمازِ عصر کے بعد حتی المقدور خاموشی اختیار کرتے۔ درود شریف اور دیگر وظائف کا ورد کرتے تھے۔ خصوصاً یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ کی تسبیح کرتے۔ سورہ اخلاص کی تسبیح بھی کرتے تھے۔ عصر سے مغرب تک تمام وقت جائے نماز پر ہی گزارنے کی کوشش کرتے۔ حتیٰ کہ اس دوران کھانے پینے سے بھی اجتناب کرتے تھے۔

نمازِ مغرب

نمازِ مغرب کے بعد اوابین کے نوافل ادا کرتے۔ درود شریف ابراہیمی اور سورہ واقعہ کی تلاوت کرتے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، اولیائے لاہور، اپنے مشائخ اور والدین کے لیے نوافل ادا کر کے ان کے لئے بلندیٔ درجات اور مغفرت کی دعا کرتے۔

نمازِ عشاء

کھانا کھا کر عشاء کی نماز پڑھتے اور سونے سے قبل درود شریف، کلمہ طیبہ، تیسرا کلمہ اور استغفار کی تسبیحات بھی زندگی بھر معمول رہا۔

تمام نمازیں باجماعت ادا کرنے کی سعی فرماتے تھے۔ ہر نماز کے بعد قدرے مراقبہ کرنا بھی عادت تھی۔ رات سونے سے قبل سورہ مُلک کی تلاوت بھی

بلا ناغہ کرتے تھے۔

سفرِ حج وزیارت

حج وعمرہ ارکانِ اسلام کا اہم رکن ہے لیکن حج صرف صاحبِ استطاعت مسلمانوں پر ہی فرض ہے مگر فخرِ موجودات، باعثِ تخلیقِ کائنات، نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کی زیارت کرنا ہر کس وناکس کا دِلی ارمان ہوتا ہے۔ ہر کوئی جس کے دل میں رحمت اللعالمین کی شائبہ بھر محبت بھی ہو تو وہ چاہتا ہے کہ اس کو پر لگ جائیں اور وہ اس رحیم وکریم آقا، شفیع الامم، صاحبِ جود وکرم، انیس الغریبین، مراد المشتاقین علیہ التحیہ والثناء کی بارگاہ بے کس پناہ میں بہ نفسِ نفیس پہنچ کر وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ کے باوصف اپنے عصیاں اور گناہوں کی بخشش کی درخواست گزارے۔ رب العزت کی بارگاہ میں فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ کی صدا بلند کر کے نبی کریم، انیس الغریبین، رحمت اللعالمین کی بارگاہِ اقدس سے وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ کا پروانہ شفاعت حاصل کرے اور تَوَّابًا رَّحِيْمًا کے درِ مقدس سے بخشش کی سند پائے۔ راقم کے نزدیک حج وعمرہ ربِّ کریم نے بارگاہِ جود وسخا، قاسم نعمت ہائے رب ذوالجلال کے درِ اقدس کی بارگاہ میں رسائی حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا ہے، ورنہ اس لاشریک قادرِ مطلق کو انسانوں کے اجماع کی کیا ضرورت تھی۔ وہ تو صمد ہے، ہر عیب ونقصان سے پاک ہے۔ عبادت کے لیے فرشتوں کی افواج ہی کافی ہیں۔ مومنین کی عبادت تو دنیا کے ہر کونے سے وہ دیکھتا بھی ہے، سنتا بھی ہے، جانتا بھی ہے کیونکہ وہ نیتوں سے بھی واقف ہے۔

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ آقائے دو جہاں، سرورِ کائنات، امام الانبیاء کی

محبت میں سرشار حج کا بہانہ اور محبوبِ کبریا کے درِ اقدس کی زیارت کا نشانہ بنا کر پہلی دفعہ اکتوبر 1972 کو حرمین شریفین تشریف لے گئے۔ ان کے مرشدِ حقانی شہبازِ لامکانی حضور شاہِ لاثانی قدس سرۂ النورانی کے نورِ نظر سیدنا و مرشدنا سید العارفین، زبدۃ الواصلین حضور قبلۂ عالم پیر سید علی حسین شاہ رحمۃ اللہ علیہ بھی نومبر 1972 میں حج و زیارت کی غرض سے اپنے نانا جان رسولِ مقبول پدرِ بتول رضی اللہ عنہا سے مشرف بہ دیدار ہونے کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ راقم کے آقا و مولیٰ سیدی و مرشدی نے اس سال 32 دن مدینہ منورہ میں قیام فرمایا تھا جبکہ حاجی صاحب علیہ الرحمہ کو اڑھائی ماہ قیام کی سعادت نصیب ہوئی۔

قبل ازیں ذکر ہو چکا ہے کہ حاجی رحمت علی صاحب جب تک حضور قبلۂ عالم نقشِ لاثانی قدس سرۂ العزیز مدینہ منورہ میں قیام پذیر رہے، روزانہ آپ کی خدمت اقدس میں آتے۔ مولانا نور اللہ علیہ الرحمہ بصیر پوری کا درس حضور قبلۂ عالم کے ہمراہ سنتے، آپ کی معیت میں درِ رسول کی حاضری دیتے رہے، سرورِ انبیاء اور شیخین رضوان اللہ علیہما کے روحانی فیوضات سمیٹتے رہے۔ اس سفر کے دوران حاجی صاحب علیہ الرحمہ نے چالیس عمرے ادا کرنے کی سعادت بھی حاصل کی۔

دوسری مرتبہ عمرہ کی نیت سے 1995 کے آغاز میں حرمین شریفین کا سفر مبارک کیا۔ یہ سفر اس وجہ سے بھی زیادہ مبارک باد کا مستحق ہے کہ اس دفعہ پہلے براستہ عمان و بغداد شریف دربارِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تک رسائی حاصل کی پھر سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق مدینہ منورہ سے احرام باندھ کر عمرے کی سعادت حاصل کی۔ اس سفر میں کئی رسولوں، پیغمبروں اور اولیاء کرام کے مزارات پر حاضری نصیب

ہوئی، طوالت کے خوف سے ان کے نام لکھنے سے قاصر ہوں۔ ان دونوں مواقع پر جہاں جہاں بھی گئے، تاریخ وار نوٹس لیتے رہے جن کو 9/اپریل 1995 کو قدرے تفصیل سے ضبطِ تحریر میں لے آئے۔

شیخ کامل سے محبت

تصوف میں شیخ کامل کا مقام و مرتبہ بہت اونچا ہے۔ جب تک اپنے شیخ سے والہانہ محبت نہ ہو تصوف کے مقامات کو طے کرنا محال ہے۔ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں تو شیخ کی محبت بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے بلکہ اس سلسلہ عالیہ میں تصور شیخ اور صحبت شیخ کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ دیگر سلاسل طریقت میں بھی جب تک سالک فنا فی الشیخ کے درجہ تک نہیں پہنچتا، اس وقت تک فنا فی الرسول اور فنا فی اللہ کے مرتبے کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔ سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں طریقت کے تین زینے ہیں:

۱۔ تصورِ شیخ اور صحبتِ شیخ جس کو رابطہ بھی کہتے ہیں۔

۲۔ ٥ ذکرِ الٰہی

۳۔ مراقبہ

مشائخ نقشبندیہ کے نزدیک سلسلہ عالیہ عین صحابہ کرام کا طریق ہے جو آقائے کائنات، فخر موجودات کے چہرۂ اقدس کی زیارت سے ہی روحانیت کا اعلیٰ وارفع مقام حاصل کر لیتے تھے۔ اسی بنا پر سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ نے محبتِ شیخ اور رابطہ شیخ کو اساس بنایا ہے۔

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ کو اپنے مرشد حقانی، شہبازِ لامکانی قبلۂ دوعالم پیر سید جماعت علی شاہ لاثانی قدس سرہٗ النورانی سے اس قدر والہانہ عقیدت و محبت تھی کہ

ہمہ وقت ان کے تصور میں مستغرق رہتے تھے۔ جب کسی پیر بھائی سے ملاقات ہوتی تو اپنے شیخ کے کمالات کا تذکرہ کرتے نہ تھکتے۔ راقم کو چونکہ شاہِ لاثانی علیہ الرحمہ کا ہم نام ہونے کی نسبت حاصل ہے، اس لیے جب بھی راقم سے ملاقات ہوتی بڑے اور بزرگ ہونے کے باوجود میرا بہت احترام کرتے، ہاتھ چومتے، کئی منٹ تک گلے سے چمٹائے رکھتے اور مجھے اونچی جگہ بٹھانے کی کوشش کرتے اور شیخ کریم کے تذکار سے ہم دونوں لطف وسرور حاصل کرتے رہتے۔ اکثر جب محبت شیخ کا غلبہ ہو جاتا تو بلند آواز سے یہ شعر بآوازِ بلند گنگنانے لگتے:

میں کِکھ ساں کِکھاں تو بہت ہولا

تیرے کرم سائیاں مینوں لکھ کیتا

یہ پوری نظم پڑھتے تھے اور اکثر فرماتے تھے کہ مجھے مرشدِ پاک کے فیض سے سب کچھ ملا مگر ہم اُن کے لیے کچھ نہیں کر سکے۔

نہ صرف راقم بلکہ دیگر پیر بھائیوں کا از حد درجہ احترام ملحوظ رکھتے۔ برادرِ مکرم و بزرگوارم حضرت علامہ مولانا صوفی محمد علی نقشبندی بیان کرتے ہیں کہ جب وہ منہاج القرآن میں علما کونسل کے صدر بنے تو اپنے شاگرد اور حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ کے بھتیجے جناب غلام فرید کے ہاں کبھی کبھی آرام وقیام کر لیتے تھے۔ ایک دن انہوں نے جناب غلام رسول صدیقی اور ان کی زوجہ محترمہ کو پاس بٹھا کر تاکید کی کہ آئندہ صوفی صاحب دامت برکاتہم کو آپ لوگ اپنا مہمان بنایا کریں اور ان کا اپنی بساط سے بڑھ کر احترام کریں کیونکہ صوفی صاحب دامت برکاتہم دربار شاہِ لاثانی و نقشِ لاثانی علیہما الرحمہ کے خلیفہ مجاز ہیں۔ اس لیے ان کی آمد باعثِ برکت ہے اور ان کی صحبت سے

آپ لوگوں کو بہت نفع حاصل ہوگا۔ ایک دفعہ کوٹھے پنڈ ہمارے مربی و محسن سیدنا و مرشدنا حضور قبلہ عالم پیر سید علی حسین شاہ صاحب برادرِ طریقت جناب حاجی محمد اکرم کے ہاں تشریف فرما تھے۔ حاجی صاحب حسبِ عادت حضور قبلہ عالم کی زیارت کے لیے حاضر ہوئے۔ کھانے کا وقت تھا، مگر حاجی صاحب بے خبری میں دست بوسی کے لئے آپ کی قیام گاہ کی طرف بڑھے تو دربارِ عالیہ کے منظورِ نظر خادم خاص نے سخت جھڑکا مگر کیا مجال کہ ماتھے پر شکن بھی آیا ہو۔ خادم ذرا دور گیا تو راقم کو مخاطب کر کے فرمایا مجھے علم نہیں تھا۔ اگر مجھے علم ہوتا تو میں دربارِ عالیہ کے خادم خاص کی قطعاً دل آزاری نہ کرتا۔ سبحان اللہ بجائے گلہ کرنے کے اپنے آپ کو ہی قصوروار ٹھہرالیا۔

بہرحال دربارِ عالیہ شاہِ لاثانی و نقشِ لاثانی سے وابستہ ہر بشر کا ادنیٰ و اعلیٰ کی تخصیص کیے بغیر احترام کرنا ان کی سیرت کا حصہ تھا۔

وفات

حاجی رحمت علی علیہ الرحمہ تقریباً ساڑھے چھ ماہ صاحب فراش رہے۔ جسمانی اور اعصابی کمزوری تو گزشتہ ڈیڑھ سال سے ہی لاحق تھی۔ اس کے باوجود نمازِ تہجد پابندی سے ادا کرتے رہے۔ جولائی 2004 کے آغاز سے سانس لینے میں دقت ہوئی تو جناح ہسپتال میں داخل رہے۔ قدرے طبیعت سنبھلی تو گھر آ گئے۔ اس دوران پیشاب کی بیماری بھی لاحق ہوگئی جس کی وجہ سے چند دن نمازیں ادا نہ ہوسکیں۔ ان نمازوں کے قضا ہونے کا اتنا افسوس کیا کہ کئی دن روتے رہے مگر طبیعت قدرے سنبھلی تو قضا نمازیں ادا کر کے سکون کا سانس لیا۔ تاہم چند دن کے وقفہ کے بعد سانس کی بیماری نے پھر حملہ کر دیا۔ اس دفعہ انہیں اتفاق ہسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ راقم

مورخہ 15 نومبر 2004 کو عید الفطر کے اگلے روز عیادت کے لیے ہسپتال میں حاضر ہوا تو بڑے تپاک سے ملے۔ آکسیجن لگی ہوئی تھی تاہم ہوش میں تھے۔ خیر و عافیت دریافت کرنے کے بعد آنکھیں موند لیں۔ قبل ازیں انہیں انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں منتقل کرنے کا فیصلہ ہو چکا تھا مگر اسی دوران قومے کی حالت میں چلے گئے۔ تقریباً اڑھائی ماہ قومے کی حالت میں رہنے کے بعد مورخہ 28 جنوری 2005 بمطابق 17 ذوالحجہ 1425ھ بمطابق 15 ماگھ 2061 بکرمی بروز جمعۃ المبارک نماز جمعہ سے قبل ہی جان جانِ آفرین کے حوالے کر دی۔ قبر کی جگہ تقریباً 15 سال قبل ہی منتخب کر لی تھی اور تقریباً دس سال قبل اپنی قبر خود کھدوا کر اس کے اندر لیٹ کر اپنی پسند کے مطابق قبر کو کشادہ کرایا تھا۔ ان کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے انہیں اُسی دِن دفنایا گیا۔

جان دی ، دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

فضائل سُورۂ کہف

سورۂ کہف کے فضائل اور خواص کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے چند ارشادات مندرجہ ذیل ہیں:

حفاظتِ حمل کے لیے عورت کو چاہیے کہ چالیس روز تک بعد نمازِ فجر اس سُورت کو پڑھے۔ اِن شاء اللہ اس کا حمل محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی شخص غربت کا شکار ہو، اُس کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ بن رہا ہو تو اُسے چاہیئے کہ گیارہ روز تک اس سُورت کو بعد نمازِ عشاء پڑھے اِن شاء اللہ اُس کی روزی میں فراخی کا سبب بن جائے گا۔

اگر کوئی شخص یا عورت ایک مہینے میں ایک مرتبہ اس سُورت کو پڑھ کر پانی پر دَم کر کے اپنے مکان کی چھت کے چاروں کونوں پر چھڑکائے تو وُہ مکان آسیب، جن بھوت اور شیطان کے حملے سے محفوظ رہے گا۔

الغرض اِس سُورت کے بے پناہ فوائد ہیں، جس ارادہ کے پیشِ نظر اس سورت کی تلاوت کی جائے تو اللہ اپنی رحمت سے وُہ ارادہ پورا کرے گا۔ رضاء الٰہی کی خاطر اس سُورت کو ایک مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ایمانی قوت میں اضافہ ہوتا ہے اور دِل اللہ کے نور سے منوّر ہوتا ہے۔

یہ سورت ادائیگی قرض، دشمن کی زبان بندی، رفعِ غربت، ظالم سے نجات، حفاظتِ حمل کے لیے بہت مؤثر ہے، ایک بزرگ کا قول ہے کہ خلاصیٔ قرض کے لیے نمازِ جمعہ کے بعد مسجد میں بیٹھ کر اس سُورت کو ایک مرتبہ خلوصِ دل سے پڑھا جائے

اور اس کے بعد سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور خلاصیٔ قرض کے لیے دُعا کی جائے، اِن شاء اللہ قبول ہو گی، جب تک قرض اُترنے کی کوئی صورت نہ بنے اُس وقت تک ہر جمعہ پڑھتا رہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ

سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور

وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ ۝ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا

اس میں اصلاً کجی نہ رکھی۔ عدل والی کتاب کہ اللہ

شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

کے سخت عذاب سے ڈرائے اور ایمان والوں کو جو نیک کام

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا

کریں بشارت دے کہ ان کے لیے اچھا ثواب

حَسَنًا ۝ مّٰكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝ وَّيُنْذِرَ

ہے جس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور اُن کو ڈرائے

الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَا لَهُمْ

جو کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنا کوئی بچہ بنایا۔ اس بارے میں نہ

بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَاۗىِٕهِمْ ۭ كَبُرَتْ كَلِمَةً

وہ کچھ علم رکھتے ہیں نہ اُن کے باپ دادا کتنا بڑا بول ہے کہ

تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۭ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا

ان کے منہ سے نکلتا ہے نرا جھوٹ کہہ رہے

كَذِبًا ۝٥ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ

ہیں۔ تو کہیں تم اپنی جان پر کھیل جاؤ گے ان کے

اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝٦ اِنَّا

پیچھے اگر وہ اس بات پر ایمان نہ لائیں غم سے۔ بیشک

جَعَلْنَا مَا عَلَي الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ

ہم نے زمین کا سنگار کیا جو کچھ اس پر ہے کہ انہیں آزمائیں

اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا

ان میں کس کے کام بہتر ہیں۔ اور بیشک جو کچھ اس پر ہے ایک دن

عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝٨ۭ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

ہم اسے پٹ پر میدان کر چھوڑیں گے کیا تمہیں معلوم ہوا کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا

پہاڑ کی کھوہ اور جنگل کے کنارے والے ہماری ایک عجیب

عَجَبًا ۝٩ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا

نشانی تھے جب ان نوجوانوں نے غار میں پناہ لی پھر بولے

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا

اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں

مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰۤى اٰذَانِهِمْ

ہمارے لیے راہ یابی کے سامان کر تو ہم نے اس غار میں ان کے کانوں

فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ

پر گنتی کے کئی برس تھپکا - پھر ہم نے انہیں جگایا

لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْۤا اَمَدًا ﴿۱۲﴾

کہ دیکھیں دو گروہوں میں کون ان کے ٹھہرنے کی مدت زیادہ ٹھیک بتاتا ہے

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ

ہم اُن کا ٹھیک ٹھیک حال تمہیں سنائیں - وہ کچھ جوان

فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّ

تھے کہ اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے اُن کو ہدایت بڑھائی اور

رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا

ہم نے ان کی ڈھارس بندھائی جب کھڑے ہو کر بولے کہ ہمارا رب

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ

وہ ہے جو آسمان اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی معبود کو نہ پوجیں

دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰۤؤُلَاۤءِ

گے ایسا ہو تو ہم نے ضرور حد سے گزری ہوئی بات کہی - یہ جو ہماری

قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ

قوم ہے اُس نے اللہ کے سوا خدا بنا رکھے ہیں - کیوں نہیں لاتے

عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

ان پر کوئی روشن دلیل تو اس سے بڑھ کر ظالم کون

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ ﴿۱۵﴾ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ

جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور جب تم ان سے اور جو کچھ

وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ

وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں سب سے الگ ہو جاؤ اور غار میں پناہ لو

يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ

تمہارا رب تمہارے لیے اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے کام میں

مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا

آسانی کے سامان بنا دے گا۔ اور اے محبوب تم سورج کو دیکھو گے کہ

طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ

جب نکلتا ہے تو ان کے غار سے داہنی طرف بچ جاتا ہے اور

اِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ

جب ڈوبتا ہے تو اُن سے بائیں طرف کترا جاتا ہے حالانکہ وہ

فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ

اس غار کے کھلے میدان میں ہیں یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے جسے اللہ

يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ

راہ دے تو وہی راہ پر ہے اور جسے گمراہ کرے تو ہرگز اس کا کوئی

ع ۲
۱۴

تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا

حمایتی راہ دکھانے والا نہ پاؤ گے ۔ اور تم انہیں جاگتا سمجھو اور وہ

وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ

سوتے ہیں ۔ اور ہم ان کی داہنی بائیں کروٹیں بدلتے ہیں

الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ

اور اُن کا کتا اپنی کلائیاں پھیلائے ہوئے ہے غار

لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّ

کی چوکھٹ پر اے سننے والے اگر تو انہیں جھانک کر دیکھے تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگے

لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ

ان سے ہیبت میں بھر جائے اور یونہی ہم نے ان کو جگایا کہ آپس میں

لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ

ایک دوسرے سے احوال پوچھیں ان میں ایک کہنے والا بولا تم یہاں کتنی دیر رہے

قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ

کچھ بولے کہ ایک دن رہے یا دن سے کم دوسرے بولے تمہارا رب

اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ

خوب جانتا ہے جتنا تم ٹھہرے تو اپنے میں ایک کو یہ چاندی لے کر شہر

هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا

میں بھیجو پھر وہ غور کرے کہ وہاں کون سا کھانا زیادہ ستھرا

فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

ہے کہ تمہارے لیے اس میں کھانے کو لائے اور چاہیئے کہ نرمی کرے اور ہرگز کسی کو

بِكُمْ أَحَدًا ﴿١٩﴾ إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ

تمہاری اطلاع نہ دے بیشک اگر وہ تمہیں جان لیں گے تو تمہیں پتھراؤ کریں

يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَلَن

گے یا اپنے دین میں پھیر لیں گے اور ایسا ہوا تو

تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

تمہارا کبھی بھلا نہ ہوگا اور اسی طرح ہم نے ان کی اطلاع کر دی

لِيَعْلَمُوا أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا

کہ لوگ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کچھ شبہ

رَيْبَ فِيهَا ج إِذْ يَتَنَازَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ

نہیں جب وہ لوگ ان کے معاملہ میں باہم جھگڑنے لگے تو

فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَانًا ط رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ط

بولے ان کے غار پر کوئی عمارت بناؤ ان کا رب انہیں خوب

قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ

جانتا ہے وہ بولے جو اس کام میں غالب رہے تھے قسم ہے کہ تو

عَلَيْهِم مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ

ان پر مسجد بنائیں گے اب کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا

كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ

کتا اور کچھ کہیں گے پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا

رَجْمًا بِالْغَيْبِ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ

بے دیکھے الاؤتکا بات اور کچھ کہیں گے سات ہیں اور آٹھواں ان کا

كَلْبُهُمْ قُلْ رَبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَا يَعْلَمُهُمْ

کتا تم فرماؤ میرا رب ان کی گنتی خوب جانتا ہے انہیں نہیں

إِلَّا قَلِيلٌ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا

جانتے مگر تھوڑے تو ان کے بارے میں بحث نہ کرو مگر اتنی ہی بحث جو ظاہر ہو

وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِمْ مِنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ

۳ ع ۵ ۱۵

چکی اور ان کے بارے میں کسی کتابی سے کچھ نہ پوچھو اور ہرگز کسی بات

لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَنْ

کو نہ کہنا کہ میں کل یہ کر دوں گا مگر یہ کہ اللہ

يَشَاءَ اللَّهُ وَاذْكُرْ رَبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ

چاہے اور اپنے رب کی یاد کر جب تو بھول جائے اور یوں کہو

عَسَىٰ أَنْ يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا

کہ قریب ہے میرا رب مجھے اس سے نزدیک تر راستی کی راہ

رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ سِنِينَ

دکھائے اور وہ اپنے غار میں تین سو برس ٹھہرے

وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ

نو اوپر تم فرماؤ اللہ خوب جانتا ہے جتنا وہ ٹھہرے اسی

غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۭ

کے لیے ہیں آسمانوں اور زمینوں کے سب غیب وہ کیا ہی دیکھتا اور کیا ہی سنتا

مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ

ہے اس کے سوا ان کا کوئی والی نہیں اور وہ اپنے حکم میں کسی کو

حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ

شریک نہیں کرتا اور تلاوت کرو جو تمہارے رب کی کتاب تمہیں وحی ہوئی

رَبِّكَ ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ڗ وَلَنْ تَجِدَ

اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور ہرگز تم اس کے

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ

سوا پناہ نہ پاؤ گے اور اپنی جان ان سے

مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ

مانوس رکھو جو صبح شام اپنے رب کو پکارتے ہیں

الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ

اس کی رضا چاہتے ہیں اور تمہاری آنکھیں انہیں چھوڑ کر

عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ

اور پر نہ پڑیں کیا تم دنیا کی زندگی کا سنگار چاہو گے اور اس کا کہا

مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وُہ اپنی خواہش کے

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ

پیچھے چلا اور اُس کا کام حد سے گزر گیا اور فرما دو کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ اِنَّآ

تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے بیشک ہم نے

اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا

ظالموں کے لیے وُہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں انہیں گھیر لیں گی

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ

اور اگر پانی کے لیے فریاد کریں تو ان کی فریاد رسی ہو گی اس پانی سے کہ چرخ دیئے ہُوئے دھات

يَشْوِى الْوُجُوْهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَآءَتْ

کی طرح ہے کہ اُن کے منہ بھون دے گا کیا ہی بُرا پینا ہے اور دوزخ کیا ہی بُری

مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

ٹھہرنے کی جگہ بیشک جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ہم ان کے نیک اعمال

اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰٓئِكَ

ضائع نہیں کرتے جن کے کام اچھے ہوں۔ اُن کے لیے

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ

بسنے کے باغ ہیں ان کے نیچے ندیاں بہیں وہ

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ

اس میں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور

وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّ

اور سبز کپڑے کریب اور قناویز کے پہنیں گے وہاں

اِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآىِٕكِ ؕ نِعْمَ

تختوں پر تکیہ لگائے کیا ہی اچھا ثواب

الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ

ع ۱

اور جنت کیا ہی اچھی آرام کی جگہ اور ان کے سامنے دو

مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ

مردوں کا حال بیان کرو کہ اُن میں ایک کو ہم نے انگوروں کے

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

دو باغ دیئے اور اُن کو کھجوروں سے ڈھانپ لیا اور اُن کے بیچ بیچ

بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ ط كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا

میں کھیتی رکھی دونوں باغ اپنے پھل لائے اور اُس میں

وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾

کچھ کمی نہ دی اور دونوں کے بیچ میں ہم نے نہر بہائی

وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ

اور وُہ پھل رکھتا تھا تو اپنے ساتھی سے بولا اور وُہ اس سے ردوبدل کرتا

أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّأَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ

تھا کہ میں تجھ سے مال میں زیادہ ہوں اور آدمیوں کا زیادہ زور رکھتا ہوں اپنے باغ میں

جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ أَظُنُّ

گیا اور اپنی جان پر ظلم کرتا ہوا بولا مجھے گمان نہیں کہ یہ کبھی

أَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ أَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَّمَآ أَظُنُّ السَّاعَةَ

فنا ہو اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت قائم ہو

قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ إِلٰى رَبِّيْ لَأَجِدَنَّ

اور اگر میں اپنے رب کی طرف پھر گیا بھی تو ضرور اس باغ سے بہتر

خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَ

پلٹنے کی جگہ پاؤں گا اس کے ساتھی نے اس سے اُلٹ پھیر

هُوَ يُحَاوِرُهٗٓ أَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ

کرتے ہوئے جواب دیا کیا تو اُس کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے

تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لٰكِنَّا۠

بنایا پھر نطفہ سے پھر تجھے ٹھیک مرد کیا لیکن میں تو

هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ أُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ أَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْ

یہی کہتا ہوں کہ وُہ اللہ ہی میرا رب ہے اور میں کسی کو اپنے رب کا شریک نہیں کرتا ہوں

لَآ إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ

اور کیوں نہ ہوا کہ جب تو اپنے باغ میں گیا تو کہا ہوتا جو چاہے اللہ ہمیں

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ

کچھ زور نہیں مگر اللہ کی مدد کا اگر تو مجھے اپنے سے مال و اولاد میں کم دیکھتا

مَالًا وَّ وَلَدًا ۚ ﴿۳۹﴾ فَعَسٰی رَبِّیْۤ اَنْ یُّؤْتِیَنِ

تھا تو قریب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے

خَیْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَ یُرْسِلَ عَلَیْهَا حُسْبَانًا

اچھا دے اور تیرے باغ پر آسمان سے بجلیاں

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِیْدًا زَلَقًا ۙ ﴿۴۰﴾ اَوْ

اُتارے تو وُہ پٹ پر میدان ہو کر رہ جائے یا اس کا

یُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِیْعَ لَهٗ

پانی زمین میں دھنس جائے پھر تو اسے ہرگز تلاش نہ کر

طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَ اُحِیْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ یُقَلِّبُ كَفَّیْهِ

سکے اور اس کے پھل گھیر لیے گئے تو اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا اس

عَلٰی مَاۤ اَنْفَقَ فِیْهَا وَ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا

لاگت پر جو اس باغ میں خرچ کی تھی اور وُہ اپنی ٹہنیوں پر گرا ہوا تھا

وَ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّیْۤ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَ

اور کہہ رہا ہے اے کاش مَیں نے اپنے رب کا کسی کو شریک نہ کیا ہوتا اور

لَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ یَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اس کے پاس کوئی جماعت نہ تھی کہ اللہ کے سامنے اس کی مدد کرتی نہ

وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ

وُہ بدلہ لینے کے قابل تھا یہاں کھلتا ہے کہ اختیار سچے اللہ کا ہے

الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ

اس کا ثواب سب سے بہتر اور اسے ماننے کا انجام سب سے بھلا اور اُن کے سامنے

لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ

زندگانی دُنیا کی کہاوت بیان کرو جیسے ایک پانی ہم نے آسمان

السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ

سے اُتارا تو اس کے سبب زمین کا سبزہ گھنا ہوکر نکلا کہ سوکھی

هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

گھاس ہوگیا جسے ہوائیں اڑائیں اور اللہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ

قابو والا ہے مال اور بیٹے یہ جیتی

زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ

دُنیا کا سنگار ہے اور باقی رہنے والی اچھی باتیں

خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ

ان کا ثواب تمہارے رب کے ہاں بہتر اور وُہ اُمید میں سب سے بھلی اور جس دن

نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّ

ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف کھلی ہوئی دیکھو گے اور ہم

حَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿٤٧﴾ وَعُرِضُوْا

انہیں اٹھائیں گے تو ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے اور سب تمہارے

عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ

رب کے حضور صفیں باندھے پیش ہوں گے بیشک تم ہمارے پاس ویسے ہی آئے جیسا ہم

اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ

خَبِيْرًا ﴿١١﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ

ہے بلکہ تم تو سمجھے ہوئے تھے کہ رسول اور مسلمان

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ

ہرگز گھروں کو واپس نہ آئیں گے اور اسی کو اپنے دلوں

فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَ ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚۖ وَ كُنْتُمْ

میں بھلا سمجھے ہوئے تھے اور تم نے بُرا گمان کیا اور تم ہلاک ہونے

قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَ مَنْ لَّمْ یُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

والے لوگ تھے۔ اور جو ایمان نہ لائے اللہ اور اس کے رسول پر

فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ سَعِیْرًا ﴿۱۳﴾ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ

بیشک ہم نے کافروں کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے اور اللہ ہی کے لیے

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ

آسمانوں اور زمین کی سلطنت جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے

یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۴﴾

عذاب کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

سَیَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰی

اب کہیں گے پیچھے بیٹھ رہنے والے جب تم غنیمتیں لینے

مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ

چلو تو ہمیں بھی اپنے پیچھے آنے دو۔

یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ

وہ چاہتے ہیں اللہ کا کلام بدل دیں تم فرماؤ ہرگز تم

تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ

ہمارے ساتھ نہ آؤ اللہ نے پہلے سے یونہی فرما دیا ہے

فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا ط بَلْ كَانُوا لَا

تو اب کہیں گے بلکہ تم ہم سے جلتے ہو بلکہ وہ بات نہ سمجھتے

يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ

تھے مگر تھوڑی ان پیچھے رہ گئے ہوئے گنواروں

الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ

سے فرماؤ عنقریب تم ایک سخت لڑائی والی قوم کی طرف بلائے

شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ج فَإِنْ

جاؤ گے کہ ان سے لڑو یا وہ مسلمان ہو جائیں پھر اگر تم

تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ج وَإِنْ تَتَوَلَّوْا

فرمان مانو گے اللہ تمہیں اچھا ثواب دے گا اور اگر پھر جاؤ گے

كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٦﴾

جیسے پہلے پھر گئے تو تمہیں دردناک عذاب دے گا

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ

اندھے پر تنگی نہیں اور نہ لنگڑے پر مضائقہ

حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ط وَمَنْ يُطِعِ

اور نہ بیمار پر مؤاخذہ اور جو اللہ اور

اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ

اس کے رسول کا حکم مانے اللہ اسے باغوں میں لے جائے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا

گا جن کے نیچے نہریں رواں اور جو پھر جائے گا اسے دردناک عذاب

اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ

فرمائے گا بے شک اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے جب وہ اس

يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

پیڑ کے نیچے تمہاری بیعت کرتے تھے تو اللہ نے جانا جو ان کے دلوں

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا

میں ہے تو ان پر اطمینان اتارا اور انہیں جلد آنے والی فتح کا انعام

قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۗ وَكَانَ

دیا اور بہت سی غنیمتیں جن کو لیں اور اللہ

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

عزت و حکمت والا ہے اور اللہ نے تم سے وعدہ کیا ہے بہت

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَ

سی غنیمتوں کا کہ تم لوگے تو تمہیں یہ جلد عطا فرما دی اور

كَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً

لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور اس لیے کہ ایمان والوں

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾

کے لیے نشانی ہو اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ

اور ایک اور جو تمہارے بل کی نہ تھی وہ اللہ کے قبضہ میں

بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ﴿۲۱﴾

ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ

اور اگر کافر تم سے لڑیں تو ضرور تمہارے مقابلہ سے پیٹھ پھیر

لَا یَجِدُوْنَ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ

دیں گے پھر کوئی حمایتی نہ پائیں گے نہ مددگار اللہ کا دستور

الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ

ہے کہ پہلے سے چلا آتا ہے اور ہرگز تم اللہ کا دستور

اللّٰهِ تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَیْدِیَهُمْ

بدلتا نہ پاؤ گے اور وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم

عَنْكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ

سے روک دیئے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے وادیٔ مکہ میں

بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَیْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا

بعد اس کے کہ تمہیں ان پر قابو دے دیا تھا اور اللہ تمہارے کام

تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ

دیکھتا ہے وہ وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور

صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ

تمہیں مسجد حرام سے روکا اور قربانی کے جانور

مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ

رُکے پڑے اپنی جگہ پہنچنے سے اور اگر یہ نہ ہوتا کچھ

مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ

مسلمان مرد اور کچھ مسلمان عورتیں جن کی تمہیں خبر نہیں کہیں تم

اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ ۢ بِغَيْرِ

انہیں روند ڈالو تو تمہیں ان کی طرف سے انجانی میں کوئی مکروہ پہنچے تو ہم تمہیں ان

عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

کی قتال کی اجازت دیتے ان کا یہ بچاؤ اس لیے ہے کہ اللہ اپنی رحمت میں داخل کرے

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا

جسے چاہے اگر وہ جُدا ہو جاتے تو ضرور ہم ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب

اَلِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

دیتے جب کہ کافروں نے اپنے دلوں میں اڑ رکھی وہی

الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ

زمانۂ جاہلیت کی اڑ تو اللہ نے اپنا اطمینان

سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

اپنے رسول اور اپنے ایمان والوں پر اُتارا

وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوٓا أَحَقَّ بِهَا
اور پرہیزگاری کا کلمہ ان پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ
وَأَهْلَهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿۲۶﴾
سزاوار اور اس کے اہل تھے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے ۔
لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ
بیشک اللہ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا خواب
لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ
بیشک تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہوگے اگر اللہ چاہے امن و
اٰمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا
امان سے اپنے سروں کے بال منڈاتے یا ترشواتے بے خوف
تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ
تو اس نے جانا جو تمہیں معلوم نہیں تو اس سے پہلے ایک
دُونِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿۲۷﴾ هُوَ الَّذِيٓ
نزدیک آنے والی فتح رکھی وہی ہے جس نے اپنے
أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدٰى وَدِينِ الْحَقِّ
رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ
لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
اسے سب دینوں پر غالب کرے اور اللہ کافی ہے

شَهِيدًا ﴿٢٨﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ

گواہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے

مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ

ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل

تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ

تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا فضل و

اللَّهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ

رضا چاہتے ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے

أَثَرِ السُّجُودِ ۚ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ ۚ وَ

سجدوں کے نشان سے یہ ان کی صفت توریت میں ہے اور ان کی

مَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ

معانقہ ١٥

صفت انجیل میں جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا نکالا

فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ عَلَىٰ سُوقِهِ

پھر اسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی

يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللَّهُ

کسانوں کو بھلی لگتی ہے تاکہ ان سے کافروں کے دل جلیں اللہ نے وعدہ

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً

کیا ان سے جو ان میں ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں

وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

بخشش اور بڑے ثواب کا۔

فضائلِ سورۂ رحمٰن

سورۂ رحمٰن حسنِ عبارت اور حسنِ طرز کے لحاظ سے قرآن پاک کی زینت ہے، اس سورت کی تلاوت میں ایسا اثر ہے کہ سننے والے پر بے حد خاموشی اور رقت طاری ہوتی ہے کیونکہ تفسیر ابن کثیر میں لکھا ہے کہ یہ سورت اپنے حسنِ عبارت اور عمدہ طرزِ ادائیگی میں دلہن کی طرح آراستہ و پیراستہ اور مزیّن ہے۔

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کے سامنے اس سورت کی تلاوت کی تو صحابہ خاموش رہے۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے اچھے تو جن تھے۔ جب بھی میں اُن کے سامنے فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھتا تو وہ کہتے کہ تیری کسی نعمت کی ہم ناشکری نہیں کرتے۔

یہ سورت ہر قسم کی حاجت روائی کے لیے بہت اکسیر ہے، حاجت کے لیے اس سورت کو گیارہ روز تک۔ روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے اِن شاء اللہ حاجت پوری ہو گی اگر کسی کے گھر میں موذی جانور رہتے ہوں یعنی سانپ، کنکھجورے، بچھو وغیرہ تو اس سورت کو سات روز تک روزانہ سات مرتبہ پڑھ کے پانی دَم کرکے مکان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾

رحمٰن نے (اپنے محبوب کو) قرآن سکھایا انسانیت (کی جان محمد) کو پیدا کیا

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ④ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ⑤

(ماکان و مایکون کا) بیان انہیں سکھایا سورج اور چاند حساب سے ہیں

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ⑥ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

اور ستارے اور پیڑ سجدہ کرتے ہیں اور آسمان کو اللہ نے بلند کیا

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ⑦ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ⑧

اور ترازو رکھی کہ ترازو میں بے اعتدالی نہ کرو

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ⑨

اور انصاف کے ساتھ تول قائم کرو اور وزن نہ گھٹاؤ

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ⑩ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّ

اور زمین رکھی مخلوق کے لیے اس میں میوے اور

النَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ⑪ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

غلاف والی کھجوریں اور بھس کے ساتھ اناج

وَالرَّيْحَانُ ⑫ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ⑬

اور خوشبو کے پھول تو اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ⑭

اس نے آدمی کو بنایا بجتی مٹی سے جیسے ٹھیکری

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ⑮ فَبِاَيِّ

اور جن کو پیدا فرمایا آگ کے لوکے سے تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے دونوں پورب کا رب اور دونوں

الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾

پچھم کا رب تو تم دونوں اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا

اس نے دو سمندر بہائے کہ دیکھنے میں معلوم ہوں ملے ہوئے اور ہے ان میں روک کہ ایک دوسرے

يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ

پر بڑھ نہیں سکتا تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں سے

مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

موتی اور مونگا نکلتا ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ

جھٹلاؤ گے اور اسی کی ہیں وہ چلنے والیاں کہ دریا میں اٹھی

كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ

ہوئی ہیں جیسے پہاڑ تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے زمین

مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ

پر جتنے ہیں سب کو فنا ہے اور باقی ہے تمہارے رب کی ذات عظمت

ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اور بزرگی والا تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

جھٹلاؤ گے اسی کے منگتا ہیں جتنے آسمانوں اور زمین میں ہیں

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اسے ہر دن ایک کام ہے تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ ۚ فَبِاَيِّ

جھٹلاؤ گے جلد سب کام نبٹا کر ہم تمہارے حساب کا قصد فرماتے ہیں اے دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

بھاری گروہ تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے اے جن و انسان کے گروہ

اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

اگر تم سے ہو سکے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ

تو نکل جاؤ جہاں نکل کر جاؤ گے

اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾

اسی کی سلطنت سے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ

تم پر چھوڑی جائے گی بے دھوئیں کی آگ کی لپٹ اور بے لپٹ کا کالا دھواں

فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾

تو پھر بدلا نہ لے سکو گے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾

پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو گلاب کے پھول سا ہو جائے گا جیسے سرخ نری

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٣٨﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَا يُسْأَلُ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے تو اس دن گنہگار کے گناہ کی پوچھ

عَنْ ذَنْبِهِ إِنْسٌ وَلَا جَانٌّ ﴿٣٩﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

نہ ہوگی کسی آدمی اور جن سے تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبَانِ ﴿٤٠﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ

جھٹلاؤ گے مجرم اپنے چہرے سے پہچانے جائیں گے تو

فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ ﴿٤١﴾ فَبِأَيِّ

ماتھا اور پاؤں پکڑ کر جہنم میں ڈالے جائیں گے تو اپنے رب کی

آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٤٢﴾ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي

کون سی نعمت جھٹلاؤ گے یہ ہے وہ جہنم جسے

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿٤٣﴾ يَطُوفُونَ بَيْنَهَا

مجرم جھٹلاتے ہیں پھیرے کریں گے اس میں

وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ﴿٤٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

اور انتہا کے جلتے کھولتے پانی میں تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبَانِ ﴿٤٥﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ﴿٤٦﴾

جھٹلاؤ گے اور جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرے اس کے لیے دو جنتیں ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے بہت سی ڈالوں والیاں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں دو چشمے

تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾ فِيْهِمَا

بہتے ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان میں

مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ہر میوہ دو دو قسم کا تو اپنے رب کی کون سی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍ بَطَآئِنُهَا

جھٹلاؤ گے اور ایسے بچھونوں پر تکیہ لگائے جن کا استر

مِنْ اِسْتَبْرَقٍ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ

قناویز کا اور دونوں کے میوے اتنے جھکے ہوئے کہ نیچے سے چن لو تو اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٥﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ

رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ان بچھونوں پر وہ عورتیں ہیں کہ شوہر کے سوا کسی کو

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾ فَبِاَيِّ

آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتیں ان سے پہلے انہیں نہ چھوا کسی آدمی اور نہ جن نے تو اپنے رب

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٧﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَ

کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے ۔ گویا وہ لعل اور یاقوت اور

الْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٥٩﴾

مونگا ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ ﴿٦٠﴾

نیکی کا بدلہ کیا ہے مگر نیکی۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦١﴾ وَمِنْ دُونِهِمَا

تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے اور ان کے سوا دو

جَنَّتَانِ ﴿٦٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٣﴾

جنتیں اور ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے۔

مُدْهَامَّتَانِ ﴿٦٤﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٥﴾

نہایت سبزی سے سیاہی کی جھلک دے رہی ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ ﴿٦٦﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

ان میں دو چشمے ہیں چھلکتے ہوئے تو اپنے رب کی کون سی

تُكَذِّبَانِ ﴿٦٧﴾ فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَ

نعمت جھٹلاؤ گے ان میں میوے اور کھجوریں اور

رُمَّانٌ ﴿٦٨﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٦٩﴾

انار ہیں تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے۔

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ ﴿٧٠﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿٧١﴾

ان میں عورتیں ہیں عادت کی نیک صورت کی اچھی تو اپنے رب کی کونسی نعمت جھٹلاؤ گے۔

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ﴿٧٢﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

حوریں ہیں خیموں میں پردہ نشین تو اپنے رب کی کون سی

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٧٣﴾ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ

نعمت جھٹلاؤ گے ان سے پہلے انہیں ہاتھ نہ لگایا کسی آدمی

وَلَا جَآنٌّ ﴿٧٤﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٧٥﴾

اور نہ جن نے تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِیٍّ

تکیہ لگائے ہوئے سبز بچھونوں اور منقش خوبصورت

حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾

چاندنیوں پر تو اپنے رب کی کون سی نعمت جھٹلاؤ گے

تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ﴿٧٨﴾

بڑی برکت والا ہے تمہارے رب کا نام جو عظمت اور بزرگی والا

فضائلِ سُورۂ واقعہ

یہ سُورت بڑی بابرکت ہے اس کے متعلق حضور کے چند ارشادات حسب ذیل ہیں۔

حضرت ابن مردویہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی انہوں نے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ گرامی نقل کیا کہ سورۃ الواقعہ تونگری کی سُورت ہے لہٰذا اسے پڑھو اور اپنی اولاد کو سکھاؤ اور دیلمی نے حضرت انس سے مرفوعًا روایت کی کہ اپنی عورتوں کو سورۃ الواقعہ سکھاؤ کہ یہ تونگری اور مالداری کی سُورت ہے۔ (رُوح المعانی)

جو شخص اسے روزانہ ۴۱ بار پڑھے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اور ایک سال تک یہ عمل جاری رکھے کیونکہ اسے روزانہ پڑھنے والا غنی ہو جاتا ہے اور کبھی فاقہ کا شکار نہیں رہتا۔ اگر اس سُورت کو قبرستان میں جا کر اپنے مرحوم کی قبر کے سرہانے کی طرف بیٹھ کر اسے پڑھا جائے اور اس کے بعد اس مرحُوم کی بخشش اور نجات کی دُعا کی جائے تو ان شاء اللہ وُہ عذابِ قبر سے نجات پائے گا مگر اس عمل کو چالیس روز تک مسلسل کرنا چاہیئے۔ اگر کسی شخص کی پیداوار میں نقصان ہو جاتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سُورت کو تین مرتبہ پڑھے اور بیج بونے سے پہلے بیجوں پر دَم کرے اس کے بعد اُن بیجوں کو کاشت کرے، ان شاء اللہ پیداوار میں اضافہ ہو گا اور فصل آفتوں سے محفوظ رہے گی۔

اگر کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو تو اس سُورت کو تھوڑے سے پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دَم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾

جب ہوے گی وُہ ہونے والی اسوقت اس کے ہونے میں کسی کو انکار کی گنجائش نہ ہوگی

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾

کسی کو پست کرنیوالی کسی کو بلندی دینے والی جب زمین کانپے گی تھرتھرا کر

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿۶﴾

اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں گے چُورا ہوکر جیسے روزن کی دھوپ میں غبار کے باریک ذرے پھیلے ہوئے

وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿۷﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ

اور تم تین قسم کے ہو جاؤ گے تو داہنی طرف والے

مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۸﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ

کیسے داہنی طرف والے اور بائیں طرف والے

مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿۱۰﴾

کیسے بائیں طرف والے اور جو سبقت لے گئے وُہ تو سبقت ہی لے گئے

اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۱۱﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ

وہی مقرب بارگاہ ہیں چین کے باغوں میں اگلوں

مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ﴿١٤﴾

میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے تھوڑے

عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ ﴿١٥﴾ مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا

جڑاؤ تختوں پر ہوں گے ان پر تکیہ لگائے ہوئے آمنے

مُتَقَابِلِينَ ﴿١٦﴾ يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ﴿١٧﴾

سامنے ان کے گرد پھریں گے ہمیشہ رہنے والے لڑکے

بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ ۙ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ﴿١٨﴾

کوزے اور آفتابے اور جام اور آنکھوں کے سامنے بہتی شراب

لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ﴿١٩﴾ وَفَاكِهَةٍ

کہ اس سے نہ انہیں دردِ سر ہو نہ ہوش میں فرق آئے اور میوے

مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ﴿٢٠﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٢١﴾

جو پسند کریں اور پرندوں کا گوشت جو چاہیں

وَحُورٌ عِينٌ ﴿٢٢﴾ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ﴿٢٣﴾

اور بڑی آنکھ والیاں حوریں جیسے چھپے رکھے ہوئے موتی

جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٤﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا

صلہ ان کے اعمال کا اس میں نہ سنیں گے نہ

لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ﴿٢٥﴾ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ﴿٢٦﴾ وَ

کوئی بیکار بات نہ گنہگاری ہاں یہ کہنا ہوگا سلام سلام اور

اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ۵ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡیَمِیۡنِ ﴿۲۷﴾ فِیۡ

دہنی طرف والے کیسے دہنی طرف والے بے کانٹوں

سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ﴿۲۸﴾ وَّطَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ﴿۲۹﴾ وَّظِلٍّ

کی بیریوں میں اور کیلے کے گچھوں میں اور ہمیشہ

مَّمۡدُوۡدٍ ﴿۳۰﴾ وَّمَآءٍ مَّسۡکُوۡبٍ ﴿۳۱﴾ وَّفَاکِہَۃٍ

کے سائے میں اور ہمیشہ جاری پانی میں اور بہت سے

کَثِیۡرَۃٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقۡطُوۡعَۃٍ وَّلَا مَمۡنُوۡعَۃٍ ﴿۳۳﴾ وَّفُرُشٍ

میووں میں جو نہ ختم ہوں اور نہ روکے جائیں اور بلند

مَّرۡفُوۡعَۃٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰہُنَّ اِنۡشَآءً ﴿۳۵﴾ فَجَعَلۡنٰہُنَّ

بچھونوں میں بیشک ہم نے ان عورتوں کو اچھی اٹھایا تو انہیں بنایا

اَبۡکَارًا ﴿۳۶﴾ عُرُبًا اَتۡرَابًا ﴿۳۷﴾ لِّاَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ ﴿۳۸﴾ ع

کنواریاں اپنے شوہر پر پیاریاں انہیں پیار دلاتیاں ایک عمر والیاں دہنی طرف والوں کے لیے

ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۳۹﴾ وَثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۴۰﴾

اگلوں میں سے ایک گروہ اور پچھلوں میں سے ایک گروہ

وَاَصۡحٰبُ الشِّمَالِ ۵ مَاۤ اَصۡحٰبُ الشِّمَالِ ﴿۴۱﴾ فِیۡ

اور بائیں طرف والے کیسے بائیں طرف والے جلتی ہوا

سَمُوۡمٍ وَّحَمِیۡمٍ ﴿۴۲﴾ وَّظِلٍّ مِّنۡ یَّحۡمُوۡمٍ ﴿۴۳﴾ لَّا

اور کھولتے پانی میں اور جلتے دھوئیں کی چھاؤں میں جو نہ

بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

ٹھنڈی نہ عزت کی بیشک وُہ اس سے پہلے نعمتوں میں

مُتْرَفِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ

تھے اور اس بڑے گناہ کی ہٹ رکھتے

الْعَظِيْمِ ﴿۴۶﴾ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۥ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

تھے اور کہتے تھے کیا جب ہم مرجائیں اور

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا

ہڈیاں مٹی ہو جائیں تو کیا ضرور ہم اٹھائے جائیں گے اور کیا ہمارے

الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾

اگلے باپ دادا بھی تم فرماؤ بیشک سب اگلے اور پچھلے ضرور

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۥ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾

اکٹھے کیے جائیں گے ایک جانے ہُوئے دن کی میعاد پر

ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾

پھر بے شک اے گمراہو جھٹلانے والو

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ

ضرور تھوہر کے پیڑ میں سے کھاؤ گے پھر اس سے

مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾

پیٹ بھرو گے پھر اس پر کھولتا پانی پیو گے

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝٥٥ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ

پھر ایسا پیو گے جیسے سخت پیاسے اونٹ پئیں یہ ان کی مہمانی ہے انصاف کے

الدِّيْنِ ۝٥٦ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝٥٧

دن ہم نے تمہیں پیدا کیا تو تم کیوں نہیں سچ مانتے

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝٥٨ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ

تو بھلا دیکھو تو وہ منی جو گراتے ہو کیا تم اس کا آدمی بناتے ہو یا

نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝٥٩ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ

ہم بنانے والے ہیں ہم نے تم میں مرنا

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝٦٠ عَلٰٓى اَنْ

ٹھہرایا اور ہم اس سے ہارے نہیں کہ تم جیسے

نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٦١

اور بدل دیں اور تمہاری صورتیں وہ کردیں جس کی تمہیں خبر نہیں۔

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٦٢

اور بے شک تم جان چکے ہو پہلی اٹھان پھر کیوں نہیں سوچتے۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝٦٣ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ

تو بھلا بتاؤ تو جو بوتے ہو کیا تم اس کی کھیتی بناتے

نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝٦٤ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا

ہو یا ہم بنانے والے ہیں۔ ہم چاہیں تو اسے روندن کردیں پھر

فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ بَلْ

تم باتیں بناتے رہ جاؤ ہم پر چٹی پڑی بلکہ

نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٦٧﴾ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِیْ

ہم بے نصیب رہے تو بھلا بتاؤ تو وہ پانی جو

تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ

پیتے ہو کیا تم نے اسے بادل سے اتارا یا

اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا

ہم ہیں اتارنے والے ہم چاہیں تو اسے کھاری کر دیں پھر

فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِیْ

کیوں نہیں شکر کرتے تو بھلا بتاؤ تو وہ آگ جو تم روشن

تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ اَمْ نَحْنُ

کرتے ہو کیا تم نے اس کا پیڑ پیدا کیا یا ہم ہیں

الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا

پیدا کرنے والے ہم نے اسے جہنم کا یادگار بنایا اور جنگل میں مسافروں

لِّلْمُقْوِیْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ﴿٧٤﴾

کا فائدہ تو اے محبوب تم پاکی بولو اپنے عظمت والے رب کے نام کی۔

فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ

تو مجھے قسم ہے ان جگہوں کی جہاں تارے ڈوبتے ہیں اور تم سمجھو تو یہ

لَوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ فِيْ

بڑی قسم ہے بے شک یہ عزت والا قرآن ہے محفوظ

كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾

نوشتہ میں اسے نہ چھوئیں مگر باوضو

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

اتارا ہوا ہے سارے جہان کے رب کا تو کیا اس بات میں

اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ

تم سستی کرتے ہو اور اپنا حصہ یہ کرتے ہو کہ

اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾

جھٹلاتے ہو پھر کیوں نہ ہو جب جان گلے تک پہنچے

وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ اَقْرَبُ

اور تم اس وقت دیکھ رہے ہو اور ہم اس کے زیادہ

اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَآ اِنْ

پاس ہیں تم سے مگر تمہیں نگاہ نہیں تو کیوں نہ ہوا

كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ

اگر تمہیں بدلہ ملنا نہیں کہ اسے لوٹا لاتے اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾

سچے ہو پھر وہ مرنے والا اگر مقربوں سے ہے

فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ۬ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاَمَّآ اِنْ

تو راحت ہے اور پھول اور چین کے باغ اور اگر داہنی

كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ

طرف والوں سے ہو تو اے محبوب تم پر سلام

اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ

ہو داہنی طرف والوں سے اور اگر جھٹلانے گمراہوں

الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾

میں سے ہو تو اس کی مہمانی کھولتا پانی -

وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ

اور بھڑکتی آگ میں دھنسانا یہ بے شک اعلیٰ درجہ کی یقینی

الْيَقِيْنِ ﴿۹۵﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۹۶﴾

بات ہے تو اے محبوب تم اپنے عظمت والے رب کی پاکی بولو

فضائل سورۂ جمعہ

سورۂ جمعہ کو اس لیے جمعہ کہا جاتا ہے کہ اس میں جمعہ پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے، اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون پڑھا کرتے تھے۔

جمعہ کے روز اس سُورت کو گیارہ مرتبہ پڑھنا بے پناہ ثواب کا سبب بنتا ہے اور اللہ اس سے راضی ہوتا ہے اور اُس کے نامۂ اعمال میں دس گنا زیادہ نیکیوں کا اضافہ کر دیتا ہے۔ یہ سُورت فریقین میں نااتفاقی کو ختم کرنے کے لیے بڑی مؤثر ہے لہٰذا اگر کسی میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا اور بدسلوکی رہتی ہو تو دونوں میں سے کسی ایک کو چاہیئے کہ ہر جمعہ کے دن فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ سُورت جمعہ کو پڑھے اور اس کے بعد اللہ کے حضور دُعا مانگے اور پانی دَم کر کے خود بھی پیئے اور دُوسرے کو بھی پلائے اِن شاء اللہ اس کلام کی برکت سے نفاق دُور ہو جائے گا اور میاں بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اس عمل کو سات جمعہ تک کرنا چاہیئے

اگر کسی شخص میں پابندئ وقت نہ ہو تو اُسے چاہیئے کہ اس سُورت کو چالیس دن تک بعد نمازِ عصر روزانہ پڑھے ان شاء اللہ اس کے مزاج میں پابندی پیدا ہو جائے گی اور وُہ نماز پڑھنے میں بھی پابند ہو جائے گا۔

ترقی رزق کے لیے اس سورت کو تہجد کی نماز کے بعد تین مرتبہ ۴۱ روز تک پڑھیں ان شاء اللہ بند کام شروع ہو جائے گا اور حصولِ رزق میں آسانی پیدا ہو جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے

الۡمَلِکِ الۡقُدُّوۡسِ الۡعَزِیۡزِ الۡحَکِیۡمِ ① ہُوَ الَّذِیۡ

بادشاہ کمال پاکی والا عزت والا حکمت والا وہی ہے جس نے

بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ

ان پڑھوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا کہ ان پر اس کی آیتیں

اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

پڑھتے ہیں اور انہیں پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب اور حکمت کا علم عطا فرماتے ہیں

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲﴾

اور بے شک وہ اس سے پہلے ضرور کھلی گمراہی میں تھے۔

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

اور اُن میں سے اوروں کو پاک کرتے اور علم عطا فرماتے ہیں جو ان اگلوں سے نہ ملے اور وہی عزت

الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ

والا حکمت والا ہے یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے

يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾ مَثَلُ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے ان کی مثال

الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

جن پر توریت رکھی گئی تھی پھر انہوں نے اس کی حکم برداری نہ کی ان کی

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ

مثال ہے جو پیٹھ پر کتابیں اٹھائے کیا ہی بری مثال ہے

الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا

ان لوگوں کی جنہوں نے اللہ کی آیتیں جھٹلائیں اور اللہ ظالموں

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٥ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

کو راہ نہیں دیتا تم فرماؤ اے یہودیو

هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ

اگر تمہیں یہ گمان ہے کہ تم اللہ کے دوست ہو اور

دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ

لوگ نہیں تو مرنے کی آرزو کرو اگر تم سچے

صٰدِقِيْنَ ۝٦ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ

ہو۔ اور وہ کبھی اس کی آرزو نہ کریں گے ان کوتکوں کے سبب جو ان کے ہاتھ

اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝٧ قُلْ

آگے بھیج چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے۔ تم فرماؤ

اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ

وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو وہ تو ضرور تمہیں ملنی

مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ

ہے پھر اس کی طرف پھیرے جاؤ گے جو چھپا اور ظاہر سب کچھ جانتا

الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٨

ہے پھر وہ تمہیں بتادے گا جو تم نے کیا تھا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ

اے ایمان والو جب نماز کی اذان ہو

مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ

جمعہ کے دن تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو

ذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم

تَعْلَمُوْنَ ⑨ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا

جانو پھر جب نماز ہو چکے تو زمین میں

فِى الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ

پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور

اذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑩ وَ

اللہ کو بہت یاد کرو اس امید پر کہ تم فلاح پاؤ اور

اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَ

جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل دیکھا اس کی طرف چل دیئے اور تمہیں

تَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

خطبے میں کھڑا چھوڑ گئے تم فرماؤ وہ جو اللہ کے پاس ہے

مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ

کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے اور اللہ کا

الرّٰزِقِيْنَ ⑪ ع

رزق سب سے اچھا۔

ع ٢ ١٢

فضائلِ سورۃ تغابن

سورۃ تغابن ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہنے کے لیے بہت اکسیر ہے
جو شخص سورت تغابن کی روزانہ تین بار تلاوت کرے اس کے مال میں برکت ہو
گی ظلم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ کوئی دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اگر کہیں
آسیب ہو تو اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔

جو شخص سورت تغابن کی روزانہ تین بار تلاوت کرے اس کے مال میں برکت ہو
گی ظلم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ کوئی دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا اگر کہیں
آسیب ہو تو اس کا اثر ختم ہو جائے گا۔

یہ سورت چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رہنے کے لیے بھی بہت مفید ہے،
اگر کسی چوری کا ڈر ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سورت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے،
ان شاء اللہ وہ چیز اللہ کی پناہ میں رہے گی اگر کسی کی کوئی چیز یا جانور گم ہو گیا
ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سورت کو ہاتھ سے لکھ کر اس کا تعویذ بنا کر کسی درخت کی
شاخ سے لٹکا دے ان شاء اللہ گم شدہ چیز کا پتہ چل جائے گا۔

اگر کسی شخص کا کوئی مقدمہ چل رہا ہے تو اسے چاہیئے جب مقدمہ کی تاریخ پڑ
جائے تو اس سورہ کی آیت گیارہ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر جائے ان شاء اللہ مقدمہ
میں کامیابی حاصل ہو گی۔ جو شخص اس سورت کو شادی اور اولاد کے حصول کی خاطر
روزانہ تین مرتبہ ۱۱ دن تک پڑھے ان شاء اللہ حسب منشاء اس کی شادی ہو گی رزق
میں اضافہ ہو گا اور اولاد ملے گی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی اس سورۃ کو چالیس روز

تک روزانہ ۱۱ مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھے گا تو اسے مرشدِ کامل ملے گا اور اللہ کے راستے کی رہنمائی حاصل ہوگی۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص سورۃ تغابن پڑھے اس پر اچانک آنے والی موت کو اٹھا لیا جائیگا یعنی اس کی عمر دراز ہو جائے گی۔ (کتاب العمل)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ

اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ

اسی کا ملک ہے اور اسی کی تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر

قَدِيْرٌ ① هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّ

ہے وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا تو تم میں کوئی کافر اور

مِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ②

تم میں کوئی مسلمان اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ

اس نے آسمان اور زمین حق کے ساتھ بنائے اور تمہاری تصویر کی

فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③ يَعْلَمُ

تو تمہاری اچھی صورت بنائی اور اسی کی طرف پھرنا ہے جانتا ہے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے اور جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④

اور ظاہر کرتے ہو اور اللہ دلوں کی بات جانتا ہے ۔

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ

کیا تمہیں ان کی خبر نہ آئی جنہوں نے تم سے پہلے کفر کیا ۔

فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑤

اور اپنے کام کا وبال چکھا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے ۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

یہ اس لیے کہ ان کے پاس ان کے رسول روشن دلیلیں لاتے

فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّ

تو بولے کیا آدمی ہمیں راہ بتائیں گے تو کافر ہوئے اور پھر گئے اور

اسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑥ زَعَمَ

اللہ نے بے نیازی کو کام فرمایا اور اللہ بے نیاز ہے سب خوبیوں سراہا کافروں نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَ

بکا کر وہ ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے ۔ تم فرماؤ کیوں نہیں میرے

رَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَ

رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤگے پھر تمہارے عمل تمہیں جتا دیئے جائیں گے اور

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ

یہ اللہ کو آسان ہے ۔ تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے

رَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

رسول اور اس نور پر جو ہم نے اتارا اور اللہ تمہارے

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ

کاموں سے خبر دار ہے ۔ جس دن تمہیں اکٹھا کرے گا سب جمع ہونے کے دن

ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ

وہ دن ہے ہار والوں کی ہار کھلنے کا اور جو اللہ پر ایمان لائے اور

وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ

اچھا کام کرے اللہ اس کی برائیاں اتار دے گا اور اسے باغوں میں

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

لے جائے گا جن کے نیچے نہریں بہیں کہ وہ ہمیشہ ان

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹ وَالَّذِيْنَ

میں رہیں یہی بڑی کامیابی ہے اور جنہوں نے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ

کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں وہ آگ والے ہیں ہمیشہ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۰ مَآ اَصَابَ

اس میں رہیں اور کیا ہی برا انجام کوئی مصیبت

مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ

نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو اللہ پر ایمان لائے

بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۱۱

اللہ اس کے دل کو ہدایت فرمادے گا اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

اور اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو پھر اگر تم منہ پھیرو

فَاِنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۱۲ اَللّٰهُ لَآ

تو جان لو کہ ہمارے رسول پر صرف صریح پہنچا دینا ہے اللہ ہے جس کے

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۳

سوا کسی کی بندگی نہیں اور اللہ ہی پر ایمان والے بھروسہ کریں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ

اے ایمان والو تمہاری کچھ بیبیاں اور

اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ

تمہارے دشمن ہیں تو ان سے احتیاط رکھو اور اگر

تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

معاف کرو اور درگزرو اور بخش دو تو بے شک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ

بخشنے والا مہربان ہے تمہارے مال اور تمہارے بچے

فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا

جانچ ہی ہیں اور اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے تو اللہ سے

اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَ

ڈرو جہاں تک ہو سکے اور فرمان سنو اور حکم مانو اور

اَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ

اللہ کی راہ میں خرچ کرو اپنے بھلے کو اور جو اپنی جان کے لالچ

نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ

سے بچایا گیا تو وہی فلاح پانے والے ہیں اگر تم

تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ

اللہ کو اچھا قرض دو گے وہ تمہارے لیے اس کے دونے کر دے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ

اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ قدر فرمانے والا حلم والا ہے ہر نہاں

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ ع

اور عیاں کا جاننے والا عزت والا حکمت والا

ع ۲ ۱۸ ۱۶

فضائلِ سُورۂ مُلک

یہ سُورۃ مکہ معظمہ میں نازل ہُوئی اور اپنے مضمون کے لحاظ سے بڑی اہمیت اور فضیلت رکھتی ہے اس سُورت کو تبارک مانعہ اور منجیہ اور مجادلہ بھی کہا جاتا ہے۔

اگر کوئی شخص سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو ان شاء اللہ اس سورت کی برکت سے وُہ قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا، عالمِ سکرات میں ذرا بھر تکلیف نہ ہوگی، قیامت کے دن حضور اس کی شفاعت کریں گے، اس لیے اگر اس سورت کو گیارہ روز تک بعد نمازِ ظہر پڑھ کر اللہ کے حضور میں کسی مرحوم شدہ آدمی کی مغفرت کے لیے دُعا کی جائے تو ان شاء اللہ دُعا قبول ہوگی، اور مرحوم کو اللہ تعالیٰ راحت نصیب فرمائے گا اور اس سے عذاب قبر ٹل جائے گا۔

جو شخص اس سورت کو روزانہ بعد نمازِ فجر پڑھے اللہ اس کے ایمان میں استقامت پیدا کرے گا اور اس کا خاتمہ بالایمان ہوگا اور اگر کوئی شخص اسے روزانہ ۴۱ مرتبہ طویل عرصہ تک پڑھتا رہے تو ایک وقت آئے گا وُہ صاحبِ کشف بن جائے گا۔

اگر کسی بچے کو نظرِ بد لگ جاتی ہو تو اس سُورت کو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی دَم کر کے اس بچے کو پلائیں۔ ان شاء اللہ نظرِ بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور بچہ

ہمیشہ کے لیے نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔
اگر کوئی حاملہ عورت چالیس روز تک اس سورت کو پڑھ کر پانی دم کرکے پیئے تو اس کا حمل اللہ کی رحمت سے محفوظ رہے گا ایک عامل کا قول ہے کہ تہجد کی نماز میں دو رکعتوں کے اندر سورۂ ملک کا پڑھنا اور ۴۰ روز تک ایسا ہی کرنا خدا کے فضل سے اولادِ نرینہ ملنے کا سبب بنے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ
بڑی برکت والا ہے وہ جس کے قبضہ میں سارا ملک اور وہ ہر چیز پر
شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ
قادر ہے وہ جس نے موت اور زندگی پیدا
الْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَ
کی کہ تمہاری جانچ ہو تم میں کس کا کام زیادہ اچھا ہے اور
هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝٢ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ
وہی عزت والا بخشش والا ہے جس نے سات آسمان بنائے ایک
سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ
کے اوپر دوسرا تو رحمٰن کے بنانے میں کیا فرق

مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ

دیکھتا ہے تو نگاہ اٹھا کر دیکھ تجھے کوئی رخنہ نظر

فُطُوْرٍ ③ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ

آتا ہے پھر دوبارہ نگاہ اٹھا نظر تیری طرف

اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ④ وَلَقَدْ

ناکام پلٹ آئے گی تھکی ماندی اور بیشک

زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا

ہم نے نیچے کے آسمانوں کو چراغوں سے آراستہ کیا اور انہیں

رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

شیطانوں کے لیے مار کیا اور ان کے لیے بھڑکتی آگ کا عذاب تیار

السَّعِيْرِ ⑤ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ

فرمایا اور جنہوں نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا ان کے لیے جہنم

جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑥ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا

کا عذاب ہے اور کیا ہی بُرا انجام جب اس میں ڈالے جائیں گے

سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ⑦ تَكَادُ

اس کا رینکنا سُنیں گے کہ جوش مارتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ

تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۭ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ

شدتِ غضب میں پھٹ جائے گی جب کبھی کوئی گروہ اس میں ڈالا جائے گا

سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ﴿٨﴾ قَالُوا

اس کے داروغہ اُن سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا تھا کہیں گے

بَلَىٰ قَدْ جَآءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا

کیوں نہیں بیشک ہمارے پاس ڈر سنانے والے تشریف لائے پھر ہم نے جھٹلایا اور کہا

مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي

اللہ نے کچھ نہیں اتارا تم تو نہیں مگر بڑی

ضَلَالٍ كَبِيرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ

گمراہی میں اور کہیں گے اگر ہم سنتے یا سمجھتے

مَا كُنَّا فِيٓ أَصْحٰبِ السَّعِيرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوا

تو دوزخ والوں میں نہ ہوتے اب اپنے گناہ کا

بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحٰبِ السَّعِيرِ ﴿١١﴾ إِنَّ

اقرار کیا تو پھٹکار ہو دوزخیوں کو بیشک

الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ

وہ جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش

وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١٢﴾ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهٖ

اور بڑا ثواب ہے اور تم اپنی بات آہستہ کہو یا آواز سے

إِنَّهٗ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٣﴾ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ

وہ تو دلوں کی جانتا ہے کیا وہ نہ جانے جس

خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيۡفُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۱۴﴾ هُوَ الَّذِيۡ

نے پیدا کیا۔ اور وہی ہے ہر باریک جانتا خبردار وہی ہے جس

جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ ذَلُوۡلًا فَامۡشُوۡا فِيۡ

نے تمہارے لیے زمین رام کردی تو اس کے رستوں میں

مَنَاكِبِهَا وَكُلُوۡا مِنۡ رِّزۡقِهٖ ؕ وَاِلَيۡهِ النُّشُوۡرُ ﴿۱۵﴾

چلو اور اللہ کی روزی میں سے کھاؤ اور اسی کی طرف اٹھنا ہے

ءَاَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِى السَّمَآءِ اَنۡ يَّخۡسِفَ بِكُمُ

کیا تم اس سے نڈر ہوگئے اس سے جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تمہیں

الۡاَرۡضَ فَاِذَا هِىَ تَمُوۡرُ ﴿۱۶﴾ اَمۡ اَمِنۡتُمۡ مَّنۡ

زمین میں دھنسادے جبھی وہ کانپتی رہے یا تم نڈر ہوگئے اس سے

فِى السَّمَآءِ اَنۡ يُّرۡسِلَ عَلَيۡكُمۡ حَاصِبًا ؕ

جس کی سلطنت آسمان میں ہے کہ تم پر پتھراؤ بھیجے۔

فَسَتَعۡلَمُوۡنَ كَيۡفَ نَذِيۡرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدۡ كَذَّبَ

تو اب جانو گے کیسا تھا میرا ڈرانا اور بیشک ان سے

الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿۱۸﴾

اگلوں نے جھٹلایا تو کیسا ہوا میرا انکار

اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلَى الطَّيۡرِ فَوۡقَهُمۡ صٰٓفّٰتٍ وَّ

اور کیا انہوں نے اپنے اوپر پرندے نہ دیکھے پر پھیلاتے اور

يَقْبِضْنَ ۘ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ

سمیٹتے انہیں کوئی نہیں روکتا سوا رحمٰن کے بے شک

بِكُلِّ شَیْءٍۭ بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ

وہ سب کچھ دیکھتا ہے۔ یا وہ کون سا تمہارا لشکر ہے

هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ یَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ

کہ رحمٰن کے مقابل تمہاری مدد کرے

اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا

کافر نہیں مگر دھوکے میں یا کون سا ایسا ہے

الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ

جو تمہیں روزی دے اگر وہ اپنی روزی روک لے بلکہ وہ

لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا

سرکش اور نفرت میں ڈھیٹ بنے ہوئے ہیں تو کیا وہ جو اپنے منہ کے

عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا

بل اوندھا چلے زیادہ راہ پر ہے یا وہ جو سیدھا

عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ

چلے سیدھی راہ پر تم فرماؤ وہی ہے جس نے

اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ

تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لیے کان اور آنکھ اور دل

الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ

بنائے کتنا کم حق مانتے ہو تم فرماؤ وہی

الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف اٹھائے جاؤ گے

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور کہتے ہیں یہ وعدہ کب آئے گا اگر تم سچے

صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ

ہو تم فرماؤ یہ علم تو اللہ کے پاس ہے اور

اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

میں تو صرف یہی ڈر سنانے والا ہوں پھر جب اسے پاس دیکھیں گے

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا

کافروں کے منہ بگڑ جائیں گے اور ان سے فرما دیا جائے گا یہ ہے

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ

جو تم مانگتے تھے تم فرماؤ بھلا دیکھو

اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

تو اگر اللہ مجھے اور میرے ساتھ والوں کو ہلاک کردے یا ہم پر رحم

فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾

فرمائے تو وہ کون سا ہے جو کافروں کو دکھ کے عذاب سے بچا لے گا

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ

تم فرماؤ وہی رحمٰن ہے ہم اس پر ایمان لائے اور اسی پر بھروسہ کیا

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾

تو اب جان جاؤ گے کون کھلی گمراہی میں ہے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ

تم فرماؤ بھلا دیکھو تو اگر صبح کو تمہارا پانی زمین میں دھنس جائے

يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع

تو وہ کون ہے جو تمہیں پانی لادے نگاہ کے سامنے بہتا۔

(۱۲) فضائلِ سُورۂ نوح

سورۂ نوح کو اس لیے سُورۂ نوح کہا جاتا ہے اس میں حضرت نوح علیہ السّلام کا قِصّہ بیان ہُوا ہے اس سورۃ کا مقامِ نزدل مکّہ معظمہ ہے، اس سُورت کو پڑھنے سے دفاعی قسم کے فیوض و برکات بہت جلد حاصل ہوتے ہیں، اس کے چند فوائد حسبِ ذیل ہیں۔

اس سورت کو پڑھنے سے ایمان میں پختگی پیدا ہوتی ہے اور اگر کوئی دشمن نیک کام میں رکاوٹ ڈالتا ہو تو اس سورت کی خیر و برکت سے پسپا ہو جاتا ہے۔

اگر کسی شخص کو کوئی دشمن بہت تنگ کرتا ہو اور جا بجا ذلیل و خوار کرنے کی کوشش کرتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس سُورت کو گیارہ روز تک روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے

إن شاء اللہ دشمن سے نجات ملے گی اور ظلم کرنے والا خود ہی اپنے انجام کو پہنچے گا۔

یہ سُورت مال میں برکت اور تجارت کے نفع کے لیے بہت اکسیر ہے جو شخص روزی کے مقام پر اس سورۃ کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے کاروبار میں کوئی رکاوٹ نہ آئے گی، تجارت میں بکثرت نفع ہو گا اور اگر اسے فوٹو کاپی کرا کر تجارت کے مقام پر رقم رکھنے کی جگہ پر رکھے تو اس کے رزق میں بے حد اضافہ ہو گا، رنج والم سے نجات کے لیے بھی یہ سُورت بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ

بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ ان کو ڈرا اس سے

مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ① قَالَ

پہلے کہ ان پر دردناک عذاب آئے اس نے فرمایا

يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ② أَنِ اعْبُدُوا

اے میری قوم میں تمہارے لیے صریح ڈر سنانے والا ہوں کہ اللہ کی بندگی

اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۳ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ

کرو اور اس سے ڈرو اور میرا حکم مانو وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے

ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ

گا اور ایک مقرر میعاد تک تمہیں مہلت دے گا بے شک

اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ

اللہ کا وعدہ جب آتا ہے ہٹایا نہیں جاتا کسی طرح تم

تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ دَعَوْتُ قَوْمِىْ

جانتے عرض کی اے میرے رب میں نے اپنی قوم کو رات

لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝۵ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِىْٓ اِلَّا

دن بلایا تو میرے بلانے سے انہیں بھاگنا ہی

فِرَارًا ۝۶ وَاِنِّىْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

بڑھا اور میں نے جتنی بار انہیں بلایا کہ تو ان کو بخشے

جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا

انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور اپنے کپڑے اوڑھ

ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝۷

لیے اور ہٹ کی اور بڑا غرور کیا۔

ثُمَّ اِنِّىْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۝۸ ثُمَّ اِنِّىْٓ اَعْلَنْتُ

پھر میں نے انہیں علانیہ بلایا پھر میں نے ان سے باعلان

لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۙ﴿۹﴾ فَقُلْتُ

بھی کہا اور آہستہ خفیہ بھی کہا ۔ تو میں نے کہا اپنے

اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ﴿۱۰﴾

رب سے معافی مانگو وہ بڑا معاف فرمانے والا ہے ۔

يُّرْسِلِ السَّمَاۗءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ

تم پر تراٹے کا مینہ بھیجے گا اور مال اور بیٹوں

بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّ

سے تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے لیے باغ بنا دے گا اور

يَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ ۭ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ

تمہارے لیے نہریں بنائے گا تمہیں کیا ہوا اللہ سے عزت حاصل کرنے

وَقَارًا ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ اَلَمْ تَرَوْا

کی امید نہیں کرتے حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح بنایا کیا تم نہیں دیکھتے

كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۙ﴿۱۵﴾ وَّ

اللہ نے کیونکر سات آسمان بنائے ایک پر ایک اور

جَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ

ان میں چاند کو روشن کیا اور سورج کو چراغ

سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

بنایا اور اللہ نے تمہیں سبزے کی طرح زمین سے

نَبَاتًا ۝١٧ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝١٨

اگایا۔ پھر تمہیں اسی میں لے جائے گا اور دوبارہ نکالے گا۔

وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ۝١٩ لِتَسْلُكُوا

اور اللہ نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا کہ اس کے

مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝٢٠ قَالَ نُوحٌ رَبِّ إِنَّهُمْ

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان کا یہ بیش بہا تحفہ جو اُمت محمدیہ کے حق میں پیش کیا گیا اس کے بدلے میں اُمت محمدی کو یہ حکم دیا گیا کہ خاندان ابراہیمی کے حق میں پانچوں نمازوں میں دُعا کیا کرو اور اس دُعا کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے درُود ابراہیمی کی صورت میں بوضاحت بیان فرمایا۔ اس درُود پاک سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان ابراہیم سے محبت کا اظہار ہوتا ہے اور اسی محبت کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک بیٹے کا نام ابراہیم رکھا اس کے علاوہ شب معراج میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ اپنی اُمت کو میرا سلام کہہ دیجئے گا اس سلام کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درُود ابراہیمی میں ان پر سلام پیش کیا۔

یہ درُود تمام درُود کے صیغوں سے افضل ہے کیوں کہ اس درُود کے الفاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ ہیں۔ اس لیے اس درود پاک کو نماز کے علاوہ کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اللہ کی رحمت و خوشنودی حاصل ہوتی ہے دنیا کے تمام کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور قدم قدم پر اللہ کی مدد شامل حال رہتی ہے حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔ حضور کی شفاعت واجب

ہوجاتی ہے۔ رزق کی تنگی دور ہوجاتی ہے۔ مال واسباب میں برکت پیدا ہوتی ہے۔ خاتمہ بالایمان ہوتا ہے اس کے علاوہ آخرت کی زندگی سے متعلقہ تمام منازل آسان ہوجاتی ہیں اور اس دُرود پاک کو معمول سے پڑھنے والا جنت میں جائے گا۔

اس دُرود پاک کی سند بخاری شریف کی یہ روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے کہا ہے کہ ہم کعب بن عجرہ سے ملے انہوں نے کہا کیا میں تمہیں حضور کی حدیث سناؤں ہم نے کہا فرمایئے تو پھر انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے التجا کی کہ یا رسول اللہ آپ پر دُرود بھیجنا تو ہم کو معلوم ہو چکا ہے مگر ہم دُرود کس طرح بھیجیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان الفاظ میں مجھ پر دُرود بھیجو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صلوٰۃ بھیج

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ

جس طرح تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ

آل پر صلوٰۃ بھیجی بے شک تُو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ

بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو برکت دے جس طرح

بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو برکت دی

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

بے شک تُو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

(۲) — درُودِ خضری

یہ دُرُود اولیاء اللہ کے اکثر معمول میں رہا ہے بے شمار اولیاء نے اسے پڑھا ہے خاص کر حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ عارف کامل کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ آپ یہ دُرُود کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور اپنے مریدین کو بھی یہی دُرُود پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے کیوں کہ یہ دُرُود الفاظ کے لحاظ سے مختصر ہے مگر معنی کے لحاظ سے جامع ہے اس دُرُود پاک کے فوائد بے پناہ ہیں سب سے بڑا فائدہ یہ ہے اس دُرُود کو پڑھنے والا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب غلام بن جاتا ہے اور دین و دُنیا میں اسے کسی چیز کی کمی نہیں رہتی اور سکون قلب کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ بزرگانِ چورہ شریف حضرت بابا فقیر محمد چوراہی اور ان کے سجادہ نشین حضرات کے معمول میں یہی دُرُود کثرت سے پڑھا جاتا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

اللہ نے اپنے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے

اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ○

صحابہ پر سلام اور درود بھیجا۔

(۳) — درُودِ ہزارہ

دُرُود ہزارہ طالبانِ رُوحانیت کا محبوب دُرُود ہے کیوں کہ اس دُرُود سے سالکین کو روحانی منازل طے کرنے میں بہت آسانی ہو جاتی ہے اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص شفقت عنایات اور توجہ حاصل ہوتی ہے عام حضرات کے لیے بھی یہ دُرُود

زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہت موثر اور اکسیر ہے۔ لہٰذا جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے کہ رمضان المبارک میں یہ درود روزانہ تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاءاللہ بہت جلد زیارت سے سرفراز ہو گا اسے ایک بار پڑھنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے اور ایک سو حاجتیں پوری ہوتی ہیں دنیاوی فیوض وبرکات حاصل کرنے کے لیے اسے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے غم وفکر اور مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے اسے بعد نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ انشاءاللہ دل کو سکون حاصل ہو گا اور تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

وسعت رزق اور قرضہ کی ادائیگی کے لیے بعد نماز عشاء ۳۱۳ مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے لہٰذا جو شخص قرض میں دبا ہوا ہو تو اس کے لیے اس درود پاک کا پڑھنا نہایت ہی مفید ہے جو شخص جمعہ کے روز اسے ہزار مرتبہ پڑھے وہ شخص جنت میں داخل ہو گا یہ درود خاندان چشتیہ کے اکثر بزرگوں کے معمول میں سے ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر
بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ
ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے
وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ۝
اور سلام بھیج۔

درُود تاج

درُود تاج بے پناہ فیوض و برکات کا منبہ ہے اور یہ عاشقانِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب وظیفہ ہے بے شمار صوفیا اور اولیاء نے یہ درُود پاک خود پڑھا اور اپنے سلسلہ طریقت میں اپنے ارادتمندوں کو پڑھنے کی تلقین کی اس درُود پاک میں پڑھنے والے کو صاحب کشف بنا دینے کی خصوصیت بہت نمایاں ہے لہٰذا اگر کوئی شخص صاحب کشف بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس درُود پاک کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے اور تین سال تک یہی معمول جاری رکھے انشاء اللہ اس عرصہ میں صاحب کشف بن جائیگا اور اگر وہ اس سلسلے کو تاحیات جاری رکھے تو وہ صاحب روحانیت بن جائے گا۔ کیونکہ درود صفائی قلب کے لیے نہایت ہی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اس لیے جو شخص اس درُود پاک کو روزانہ کم ازکم مرتبہ پڑھتا ہو اس کا دل گناہوں سے پاکیزہ ہو جاتا ہے اور نیک راستے پر گامزن ہو جاتا ہے اس کے علاوہ اگر کوئی شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو وہ اسے شب جمعہ میں ۷۰ مرتبہ پڑھے اور ۴۰ جمعہ تک یہی عمل جاری رکھے انشاء اللہ شرف زیارت سے مشرف ہو گا۔

دفع سحر یا آسیب اور جن شیاطین کے تنگ کرنے کی صورت میں اس درُود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ آسیب یا جن وغیرہ ہو تو دفع ہو جائے گا اضافہ رزق کے لیے بعد نماز فجر ۷ مرتبہ روزانہ وظیفہ کے طور پر پڑھنا روزی میں اضافے کا سبب بنتا ہے دشمنوں ظالموں حاسدوں اور حاکموں کی زیادتیوں سے بچنے کے لیے اسے روزانہ ایک بار پڑھنا ہی کافی ہے کسی نیک مقصد یا حاجت کے لیے نصف شب کے بعد چالیس مرتبہ صدق دل سے پڑھنا بہت اکسیر ہے شفائے امراض کے لیے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا شفایابی کا موجب ہو گا اگر کوئی حب تسخیر خلق کے لیے اس کا عامل بننا

چاہے تو اسے چاہیئے کہ چالیس رات خلوت میں بیٹھ کر اسے روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ چلہ مکمل ہونے پر جس کی طرف توجہ کرے گا وہی قائل ہو کر اسیر ہو جائے گا۔

بانجھ عورت کے واسطے اکیس خرموں پر سات دفعہ پڑھ کر دم کرے اور ہر روز ایک خرما اُس کو کھلائے۔ پھر بعد غسلِ طہارت اُس سے ہم بستر ہو۔ خدا کے فضل سے فرزندِ صالح پیدا ہوگا اگر عورت حاملہ کو کسی بھی قسم کا خلل ہو تو سات دن تک سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔ مالک کے فضل سے خیر ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما

صَاحِبِ التَّاجِ وَالۡمِعۡرَاجِ وَالۡبُرَاقِ وَالۡعَلَمِ ط

جو صاحب تاج و معراج اور براق والے اور جھنڈے

دَافِعِ الۡبَلَآءِ وَالۡوَبَآءِ وَالۡقَحۡطِ وَالۡمَرَضِ

والے ہیں جن کے وسیلے سے بلا وبا قحط مرض اور دکھ

وَالۡاَلَمِ ط اِسۡمُہٗ مَکۡتُوۡبٌ مَّرۡفُوۡعٌ مَّشۡفُوۡعٌ

دور ہوتے ہیں آپ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت

مَّنۡقُوۡشٌ فِی اللَّوۡحِ وَالۡقَلَمِ ط سَیِّدِ الۡعَرَبِ

کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپ عرب

وَالۡعَجَمِ ط جِسۡمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ

و عجم کے سردار ہیں آپ کا جسم نہایت مقدس خوشبودار پاکیزہ

مُنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ شَمْسُ الضُّحٰى

اور خانہ کعبہ و حرم پاک میں منور ہے آپ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری

بَدْرُ الدُّجٰى صَدْرُ الْعُلٰى نُوْرُ الْهُدٰى

رات کے ماہتاب بلندیوں کے صدرنشین راہ ہدایت کے نور

كَهْفُ الْوَرٰى مِصْبَاحُ الظُّلَمِ جَمِيْلُ الشِّيَمِ

مخلوقات کی جائے پناہ اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک

شَفِيْعُ الْاُمَمِ صَاحِبُ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاللّٰهُ

امتوں کے بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں اللہ

عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ

آپ کا نگہبان جبریل آپ کے خدمت گزار براق آپ کی

وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ

سواری معراج آپ کا سفر سدرۃ المنتہیٰ آپ کا مقام اور

وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ

(قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا مرتبہ آپ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ

مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ

کا مقصود ہے اور مقصود آپ کو حاصل ہے آپ

الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ

رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے گنہگاروں کے

اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ

بخشوانے والے مسافروں کے غمخوار دنیا جہان کے لیے رحمت عاشقوں کی

الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ

راحت مشتاقوں کی مراد خدا شناسوں کے

الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السّٰلِكِيْنَ مِصْبَاحِ

آفتاب راہ خدا پر چلنے والوں کے چراغ مقربوں

الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَ

کے راہ نما محتاجوں غریبوں اور مسکینوں سے

الْمَسٰكِيْنِ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ

محبت رکھنے والے جن وانس کے سردار حرمین کے نبی

اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ

دونوں قبلوں (بیت المقدس وکعبہ) کے پیشوا اور دنیا وآخرت میں

صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ

ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین پر فائز ہیں دو

الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ

مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے محبوب

الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى

ہیں حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدِّ امجد

الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اور ہمارے اور (تمام) جن وانس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن عبداللہ جو

نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ يَآاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ

اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں اے نورِ جمال محمدی کے مشتاقو!

بِنُورِ جَمَالِہٖ صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

آپ پر اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر درود و سلام

وَسَلِّمُوا تَسْلِیْمًا ○

بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے

درودِ تنجینا

درود تنجینا سے مراد وہ درود شریف ہے جسے پڑھنے سے ہر مشکل اور مہم سے نجات ملتی ہے علامہ فاکہانی نے فجر منیر میں ایک بزرگ شیخ موسیٰ کا واقعہ بیان کیا ہے کہ انہوں نے بتایا کہ ہم ایک قافلے کے ساتھ ایک بحری جہاز میں سفر کر رہے تھے کہ جہاز طوفان کی زد میں آ گیا یہ طوفان قہر خداوندی بن کر جہاز کو ہلانے لگا ہم لوگ یقین کر بیٹھے کہ چند لمحوں کے بعد جہاز ڈوب جائے گا اور ہم لقمۂ اجل بن جائیں گے کیوں کہ ملاحوں نے بھی یہ سمجھ لیا تھا کہ اتنے تند و تیز جہاز سے کوئی قسمت والا جہاز ہی بچتا ہے شیخ فرماتے ہیں اس عالم افراتفری میں مجھ پر نیند کا غلبہ ہو گیا چند لمحے غنودگی طاری ہوئی میں نے دیکھا کہ ماہ بطحا حضرت محمد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور مجھے حکم دیا کہ تم اور تمہارے ساتھی یہ درود ہزار بار پڑھو۔ میں بیدار ہوا۔ اپنے دوستوں کو جمع کیا۔ وضو کیا اور درود پاک پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی ہم نے تین سو بار درود پاک پڑھا تھا کہ طوفان کا زور کم ہونے لگا آہستہ آہستہ طوفان رک گیا اور تھوڑے ہی وقت میں آسمان صاف ہو گیا اور سمندر کی سطح پُرامن ہو گئی۔ اس درود پاک کی برکت سے تمام جہاز والوں کو نجات مل گئی۔

اس درود پاک کا نام تنجی یا تنجینا رکھا گیا۔ اس کے بے پناہ فضائل ہیں اور بزرگان دین نے بارہا مرتبہ آزمایا ہے جناب غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک شخص نہایت

مشکل میں گرفتار ہو گیا۔ اس نے وضو کر کے معطر ہو کر یہ درود پاک پڑھنا شروع کیا تو مشکل حل ہو گئی اس درود پاک کو جو شخص ادب و احترام سے قبلہ رو ہو کر ہر روز تین سو بار پڑھے گا اللہ کے فضل سے اس کی سخت سے سخت مشکل حل ہو جائے گی۔

شرح دلائل الخیرات کے مؤلف نے لکھا ہے کہ جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شوق ہو وہ خالص نیت سے یہ درود پڑھے اور بعد از نماز عشاء ایک ہزار بار پورا کرے اور بستر کو معطر کر کے باوضو ہی سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس روز کے اندر اندر ہی زیارت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہو گی اگر اللہ کرم کرے تو ہو سکتا ہے ایک ہفتے کے اندر ہی زیارت ہو جائے۔

ایک بزرگ کا کہنا ہے کہ جو شخص اس درود پاک کو صبح و شام دس دس بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور اللہ کے قہر سے نجات ملے گی اللہ تعالیٰ اسے برائیوں سے محفوظ رکھے گا۔ اس کے غم مٹ جائیں گے۔

اس درود پاک کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ جو شخص بیماری سے تنگ آ کر طبیبوں اور ڈاکٹروں سے مایوس ہو گیا ہو۔ اسے چاہیے کہ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ بیماری کی تکلیف سے نجات ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اللہ تعالیٰ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

پر ایسی رحمت و برکت نازل فرما جس سے ہمیں تمام

الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ

ڈر خوف اور آفتوں سے نجات ہو جائے اور جس کی برکت سے ہماری

الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ

تمام حاجتیں روا ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک و صاف ہو جائیں

وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا

اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکن اور جس کے ذریعے

بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرٰتِ فِي

ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد کی تمام اچھائیوں سے

الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

بدرجۂ غایت فائدہ حاصل کریں خدائے پاک تحقیق آپ ہماری دعاؤں کے قبول فرمانے والے

وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا

ہیں اور ہمارے درجات کو بلند کرنے والے اور ہماری حاجتوں کو بر لانے والے اور ہماری

كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ

بلاؤں کو رفع کرنے والے اور ہماری سخت مشکلات

الْمُشْكِلَاتِ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ يَآ اِلٰهِيْ اِنَّكَ

کے حل کرنے والے میری فریاد کو پہنچیں، اور اسے اپنے حضور تک رسائی دیں میری عرض قبول فرمائیں الٰہی

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

تحقیق تو ہی ہر چیز پر قادر ہے

درُودِ حبیب

یہ درُود عاشقانِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خصوصی وظیفہ ہے اور اس کے بے پناہ فیوض و برکات ہیں اسے پڑھنے سے بے پناہ اللہ کی رحمت ہوتی ہے اور گناہ معاف ہوتے ہیں بھولی ہوئی چیزیں یاد آجاتی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قربت نصیب ہوتی ہے دنیا کے غموں سے نجات ملتی ہے۔ اعمال نامہ میں کثرت سے نیکیاں لکھی جاتی ہیں یہ درود پڑھنے والوں پر اللہ راضی ہو جاتا ہے درود قبر کی روشنی ہے۔ یہ درود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا سب سے بہترین ذریعہ ہے۔ لہٰذا ہر دعا کے آغاز اور اختتام پر یہ درود پڑھنا چاہیئے۔ ہر مجلس کے شروع میں یہ درُود پڑھنا چاہیئے۔ صبح و شام بلکہ ہر نماز کے بعد یہ درُود پڑھنا بہت مفید ہے۔ وعظ و تقریر کے شروع میں حج کے مناسک ادا کرتے وقت مساجد میں فارغ وقت میں گویا جس وقت موقع پائیں اس درود پاک کو کثرت سے پڑھیں انشاء اللہ دُنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِكَ

اے اللہ کے رسول تجھ پر درود اور سلام ہو۔ اور اے اللہ کے حبیب تمہاری آل

وَاَصْحَابِكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ ط

اور صحابہ پر بھی درود اور سلام ہو۔

درُودِ مستجاب الدعوات

یہ درُود اللہ کا رحم و کرم حاصل کرنے کے لیے بہت بڑا وسیلہ ہے جو شخص اسے سو مرتبہ بعد نماز فجر اور ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے وہ زندگی بھر معزز و مکرم رہے اگر تنگدستی

اور مفلسی دور کرنے کی نیت سے پڑھے تو بہت جلد اللہ اس پر کرم کرے گا اور اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔ اور جو شخص اس درود پاک کو روزانہ کم از کم ۱۱ مرتبہ پڑھے تو وہ اس درود پاک کی بدولت عزت دولت اور برکت جیسی عظیم نعمتوں سے مالامال ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص رزق حلال کھا کر نو دن تک روزانہ اسے گیارہ سو مرتبہ سوتے وقت پڑھے تو انشاء اللہ زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہو گا۔ اس کے علاوہ جب بھی اسے پڑھا جائے گا تو اس سے دنیا و آخرت کی بھلائیاں حاصل ہوں گی۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اللہ نے امی کریم نبی پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت

وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ط

اور سلامتی نازل فرمائی۔

درودِ غوثیہ

یہ درود خاندان قادریہ کے معمولات میں سے ہے اکثر قادری بزرگ اپنے مریدوں کو اسے روزانہ ۱۱۵ مرتبہ یا ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں یہ درود رحمت خداوندی کا خزانہ ہے لہٰذا جو شخص اس درود کو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ تا حیات پڑھتا رہے وہ رحمت خداوندی سے مالا مال ہو جاتا ہے ایک اللہ کے بندے کا کہنا ہے کہ جو شخص روزانہ اس درود کو کم از کم ایک بار ضرور پڑھے اسے سات نعمتیں حاصل ہوں گی (۱) رزق میں برکت (۲) تمام کام آسان ہو جائیں گے (۳) نزع کے وقت کلمہ نصیب ہو گا (۴) جان کنی کی سختی سے محفوظ رہے گا (۵) قبر میں وسعت ہو گی (۶) کسی کی محتاجی نہ ہو گی (۷) مخلوق خدا اس سے محبت کرے گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس درود کی

برکات حاصل کرنے کے لیے اسے روزانہ پڑھنا چاہیئے اس کے علاوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب اور زیارت کے لیے بھی یہ درود بہت مؤثر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِكْ

جو جود و کرم کا خزینہ ہیں پر۔ اور ان کی آل پر درود برکت

وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیج

درُود مصطفےٰ ۴

اس درُود پاک کا عامل نیک صفات سے متصف ہو جائے گا۔ اور کثرت سے پڑھنے والا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں محو رہے گا اور جو شخص صبح شام یا ہر نماز کے بعد اس درود شریف کی تلاوت کرتا رہے وہ ذلت سے نکل کر عظمت میں آجائے گا۔ ادنیٰ سے اعلیٰ مرتبے پر پہنچے گا اگر کسی حاکم یا کسی افسر کے پاس جائے گا تو عزت پائے گا۔ اور اسے کثرت سے پڑھنے والے کا دل روشن ہو جاتا ہے اور اسے سچے خواب آنے لگتے ہیں خواب میں بزرگان اور جلیل القدر ہستیوں کی زیارت ہوگی اگر شدید قسم کے بیمار آدمی کے سرہانے اس درود پاک کو سو مرتبہ پڑھا جائے اور اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے سے اللہ کے حضور بیمار کی صحتیابی کی دُعا کی جائے تو اللہ قبول فرمائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

حَبِیْبِكَ الْمُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ

حبیب مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل

سَلِّمْ ○

پر اور سلامتی بھیج

درود حصولِ رحمت

یہ درود اللہ کو راضی کرنے کے لیے بہت بہتر ہے لہٰذا جو شخص اسے روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے اللہ اس سے راضی ہو جائے گا اور اسے نعمتوں اور رحمتوں سے مالا مال کرے گا اللہ تعالیٰ اسے ایسا نیک کام سرانجام دینے کی توفیق دے گا جو تا قیامت رہے گا جس سے اس کا نام ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہے گا۔ یہ درود شریف میرے معمولات میں سے ہے میں نے اسے فیوض و برکات کے لحاظ سے بہت اکسیر پایا ہے جو شخص اس درود شریف کو روزانہ چند بار پڑھنے کا معمول بنائے اس کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک خاص تعلق اور رابطہ پیدا ہو جائے گا جس کی بدولت بے پناہ دینی فوائد حاصل ہوں گے۔ یہ درود دل کے میل کچیل کو اسی طرح دھو ڈالتا ہے جس طرح صابن کپڑے کو دھو کر صاف کر دیتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا

اے اللہ درود بھیج ابدی درود بھیج اور ابدی سلام بھیج اپنے حبیب اور

عَلٰی حَبِیْبِكَ وَسَیِّدِ نَبِیِّكَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

انبیاء کے سردار پر اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر

اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○

سب پر پس تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں

درود قبرستان

درود روحی ایک ایسا درود ہے جس کے پڑھنے سے فوت شدہ حضرات کو عالم برزخ میں بہت فائدہ پہنچتا ہے لہٰذا یہ درود مُردوں کے لیے بخشش کا ذریعہ ہے۔ اس لیے اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے فوت شدہ ماں باپ بخشے جائیں یعنی اللہ تعالیٰ ان کے تمام گناہ معاف کرے تو اسے چاہیئے کہ ام روز ماں باپ کی قبروں پر جا کر اس درود کو روزانہ صبح کے وقت ام مرتبہ پڑھے اور بعد میں اللہ کے حضور ان کی مغفرت کی دعا کرے انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور اللہ ان کی بخشش کر دے گا اور عالم برزخ میں ان کی قبر کو مثل جنت بنا دے گا۔ اس درود کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ قبرستان میں اسے پڑھنے سے روحوں کو عذاب سے نجات ملتی ہے لہٰذا جب کوئی قبرستان میں زیارت قبور کے لیے جائے تو اسے چاہیئے کہ وہاں ایک مرتبہ یہ درود پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الصَّلٰوةُ وَ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک نماز باقی ہے اور درود بھیج

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الرَّحْمَةُ وَصَلِّ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک رحمت باقی ہے اور درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الْبَرَكَاتُ وَصَلِّ عَلٰى رُوْحِ

روح پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جب تک برکتیں ہیں اور درود بھیج محمد صلی

مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی صُوْرَةِ مُحَمَّدٍ

اللہ علیہ وسلم کی روح پر درمیان روحوں کے اور درود بھیج اوپر صورت محمد صلی

فِی الصُّوَرِ وَصَلِّ عَلٰی اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَآءِ

اللہ علیہ وسلم کے درمیان صورتوں کے اور درود بھیج اوپر نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور درود

وَصَلِّ عَلٰی نَفْسِ مُحَمَّدٍ فِی النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰی

بھیج اوپر نفس محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان نفسوں کے اور درود بھیج

قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ

اوپر قلب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان دلوں کے اور درود بھیج اوپر قبر

مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ وَصَلِّ عَلٰی رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان قبروں کے، اور درود بھیج اوپر روضہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

فِی الرِّیَاضِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی

کے درمیان روضوں کے اور درود بھیج اوپر جسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جسموں

الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِی التُّرَابِ

کے اور درود بھیج اوپر تربت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان خاک کے

وَصَلِّ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور درود بھیج اوپر اپنی مخلوق کے بہترین (فرد) ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ

اوپر ان کی اولاد کے اور ان کے اصحاب پر ان کی ازواج پر اور ان کی

وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَحْبَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝ بِرَحْمَتِكَ

ذریات پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کے تمام احباب پر اور درود نازل کر اپنی رحمت

يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ط

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

فوائد دُعائے جمیلہ

دُعائے جمیلہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کا حسین ترین مجموعہ ہے جو کوئی اس
دُعا کو روزانہ پڑھے دین و دُنیا کی سعادت اور عزّت حاصل ہوگی بے پناہ ثواب
ملے گا تمام صغیرہ و کبیرہ گناہ معاف ہوں گے جو شخص اسے ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ
پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس پر بے حد مہربان ہوگا اور اُس کے لیے اپنی رحمت
کے دروازے کھول دے گا اس کے رزق میں اضافہ ہوگا گھر میں خیر و برکت پیدا
ہوگی اہلِ خانہ میں محبت اور مروّت قائم رہے گی۔ اگر کوئی جائز حاجت ہوگی تو
وُہ بھی پوری ہوگی جس کام کو ہاتھ ڈالے گا کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوگا اگر
سفر پر جائے گا تو امن و امان سے واپس اپنے اہل و عیال میں آئے گا گویا کہ اس
دُعا کو پڑھنے سے ہر لحاظ سے نیکی اور سکون حاصل ہوگا۔ اگر کوئی شخص اسے بعد نمازِ
تہجد پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا سینہ نورِ خداوندی سے روشن ہوجائے گا

اور اس پر حصولِ معرفت کی راہیں کھل جائیں گی اگر کسی کا مرشدِ کامل نہ ہو تو اس دُعا کو سات دن تک سوتے وقت سات مرتبہ روزانہ پڑھیں اِن شاء اللہ اللہ کے کرم سے مرشدِ کامل مل جائے گا۔

دُعاءِ جمیلہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا جَمِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا قَرِیْبُ یَا اَللّٰہُ یَا

اے خوبی والے اے اللہ اے نزدیک اے اللہ اے

عَجِیْبُ یَا اَللّٰہُ یَا مُجِیْبُ یَا اَللّٰہُ یَا رَءُوْفُ

عجیب اے اللہ اے قبول کرنے والے اے اللہ اے مہربانی کرنے والے

یَا اَللّٰہُ یَا مَعْرُوْفُ یَا اَللّٰہُ یَا مَنَّانُ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ اے نیکو کار اے اللہ اے احسان والے اے اللہ

یَا دَیَّانُ یَا اَللّٰہُ یَا بُرْهَانُ یَا اَللّٰہُ یَا سُلْطَانُ

اے دیان اے اللہ اے قوی دلیل اے اللہ اے غالب

یَا اَللّٰہُ یَا مُسْتَعَانُ یَا اَللّٰہُ یَا مُحْسِنُ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ اے مدد چاہے گئے اے اللہ اے احسان کرنے والے اے اللہ

یَا مُتَعَالِیْ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا اَللّٰہُ یَا

اے سب سے برتر اے اللہ اے مہربان اے اللہ اے

رَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا حَلِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیْمُ

نہایت رحم والے اے اللہ اے حلم والے اے اللہ اے خبردار

یَا اَللّٰہُ یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا جَلِیْلُ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ اے نہایت کرم کرنے والے اے اللہ اے بزرگ اے اللہ

یَا مَجِیْدُ یَا اَللّٰہُ یَا حَکِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا مُقْتَدِرُ

اے صاحب بزرگی کے اے اللہ اے حکمت والے اے اللہ اے ظاہر قدرت والے

یَا اَللّٰہُ یَا غَفُوْرُ یَا اَللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ اے بخشنے والے اے اللہ اے گناہ بخشنے والے اے اللہ

یَا مُبْدِیُٔ یَا اَللّٰہُ یَا رَافِعُ یَا اَللّٰہُ یَا شَکُوْرُ

اے پیدا کرنے والے اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ اے قدردان

یَا اَللّٰہُ یَا خَبِیْرُ یَا اَللّٰہُ یَا بَصِیْرُ یَا اَللّٰہُ یَا

شکر کرنیوالوں کے اے اللہ اے خبردار اے اللہ اے دیکھنے والے اے اللہ اے

سَمِیْعُ یَا اَللّٰہُ یَا اَوَّلُ یَا اَللّٰہُ

سننے والے اے اللہ اے اول اے اللہ

یَا اٰخِرُ یَا اَللّٰہُ یَا ظَاہِرُ یَا اَللّٰہُ یَا

اے آخر اے اللہ اے ظاہر اے اللہ اے

بَاطِنُ یَا اَللّٰہُ یَا قُدُّوْسُ یَا اَللّٰہُ یَا

باطن اے اللہ اے پاکیزہ بڑے وصفوں سے اے اللہ اے

سَلَامُ یَا اَللّٰہُ یَا مُهَیْمِنُ یَا اَللّٰہُ یَا عَزِیْزُ

سلامتی والے اے اللہ اے نگہبان اے اللہ اے زبردست

یَا اَللّٰہُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا اَللّٰہُ یَا خَالِقُ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ اے عظمت والے اے اللہ اے پیدا کنندہ اے اللہ

یَا وَلِیُّ یَا اَللّٰہُ یَا مُصَوِّرُ یَا اَللّٰہُ یَا جَبَّارُ

اے دوست خلق کے اے اللہ اے صورت بنانے والے اے اللہ اے زبردست

یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا اَللّٰہُ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ یَا

اے اللہ اے ہمیشہ جینے والے اے اللہ اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے اللہ اے

قَابِضُ یَا اَللّٰہُ یَا بَاسِطُ یَا اَللّٰہُ یَا مُذِلُّ

تنگ کنندہ اے اللہ اے فراخ کنندہ روزی کے اے اللہ اے ذلت دینے والے

یَا اَللّٰہُ یَا قَوِیُّ یَا اَللّٰہُ یَا شَهِیْدُ یَا اَللّٰہُ

اے اللہ اے قوت دینے والے اے اللہ اے حاضر : اے اللہ

یَا مُعْطِیُ یَا اَللّٰہُ یَا مَانِعُ یَا اَللّٰہُ یَا خَافِضُ

اے عطا کرنے والے اے اللہ اے ہٹانے والے اے اللہ اے پست کرنے والے

یَا اَللّٰہُ یَا رَافِعُ یَا اَللّٰہُ یَا وَکِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا

اے اللہ اے بلند کرنے والے اے اللہ اے کارساز اے اللہ اے

کَفِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا

کفالت کرنے والے اے اللہ اے صاحب بزرگی اور بخشش کے اے

اَللّٰهُ يَا رَشِيْدُ يَا اَللّٰهُ يَا صَبُوْرُ يَا اَللّٰهُ يَا

اللہ اے راہنما اے اللہ اے بردبار اے اللہ اے

فَتَّاحُ يَا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

کھولنے والے اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو پاک ہے تجھ کو

اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ

تحقیق تھا میں ظالموں میں سے اور رحمت اللہ تعالیٰ

تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَ

کی ہو اوپر بہترین خلق کے جو نام اُن کا محمدؐ ہے اور اُن کی آل پر

اَصْحٰبِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَعَلٰی

اور اصحاب پر اور بیبیوں پر اور اولاد پر اور اللہ

عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ

کے نیکو کار بندوں پر سب پر تیری رحمت سے

یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

دُعائے حاجات

یہ دُعا رفع حاجت کے لیے بہت مفید اور مؤثر ہے اور اس دُعا کے بے پناہ فیوض و برکات ہیں اسے پڑھنے سے اللہ کی رحمت کے خزانے کُھل جاتے ہیں لہٰذا جو شخص اللہ کی خصوصی رحمت کا طالب ہو تو اسے چاہیئے کہ اس دُعا کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے ان شاء اللہ اس کی ہر جائز حاجت پوری ہو گی۔ اس کے رزق میں بھی بے پناہ اضافہ ہوگا۔ دُنیا کے مال و دولت میں غنی بن جائے گا۔ اگر کسی نے قرضہ دینا ہو تو وہ اللہ کے فضل و کرم سے اُتر جائے گا اس کے علاوہ اسے پڑھنے والا ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہتا ہے جس کی بنا پر اسے دُشمنوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ اگر دو رکعت نماز نفل میں اس دُعا کو ۴۱ مرتبہ پڑھے گا جس طرح کی شادی چاہے گا ویسی شادی ہو گی غرضیکہ اس دُعا کے پڑھنے والے کو ہر لحاظ سے دین و دُنیا میں سعادت حاصل ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا مَوْجُوْدُ يَا جَوَّادُ

اے اللہ — اے یکتا — اے یگانہ — اے موجود — اے بہت سخی

يَا بَاسِطُ يَا كَرِيْمُ يَا وَهَّابُ يَا ذَا الطَّوْلِ

اے پھیلانے والے — اے کرم کرنے والے — اے بہت دینے والے — اے بخشش کرنے والے

یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا

اے بے نیاز اے بے نیاز کرنے والے اے بہت کھولنے والے، اے بہت روزی دینے والے

عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ

اے تمام چیزوں کو جاننے والے اے حقیقت کو جاننے والے اے زندہ اے قائم بالذات اے بہت رحم کرنے والے

یَا رَحِیْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط یَا

اے بے انتہا مہربان اے آسمانوں اور زمین کو بلا نمونہ پیدا کرنے والے اے

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ

بزرگی اور عظمت والے اے بہت زیادہ مہربان اے بہت زیادہ احسان کرنے والے

نَفِّحْنِیْ مِنْکَ بِنَفْحَةِ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِهَا

مجھے اپنی طرف سے ایسی خوشبو عطا کر جو تیرے سوا تمام سے بے نیاز کر دے

عَمَّنْ سِوَاکَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَکُمُ

اگر تم کامیابی چاہتے ہو تو یہ (جان لو) کہ کامیابی آ چکی

الْفَتْحُ ط اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ط نَصْرٌ

ہے بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی کامیابی عطا کی ہے اللہ کی طرف

مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ط اَللّٰهُمَّ یَا غَنِیُّ

سے مدد اور قریبی فتح (کی امید ہے) اے اللہ اے بے نیاز

یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا وَدُوْدُ

اے قابل تعریف اے پیدا کرنے والے اے دوبارہ زندہ کرنے والے اے بہت زیادہ محبت

يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ
کرنے والے اے عظمت والے عرش کے مالک اے جو چاہے کر گزرنے والے
اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ
اپنی حلال کی ہوئی باتوں کے ذریعہ حرام باتوں سے مجھے بے نیاز کردے اور اپنے فضل
بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ بِمَا
کے ذریعے اپنی ذات کے سوا تمام سے بے نیاز کردے اور جس ذریعے تونے اپنے کلام کی
حَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَا نَصَرْتَ
حفاظت کی اسی سے میری بھی حفاظت فرما اور جن ذرائع سے تونے اپنے رسولوں کی مدد فرمائی
بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○
انہیں ذرائع سے میری مدد فرما تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

دُعائے وُسعتِ رزق

یہ دُعا اضافۂ رزق کے لیے بہت اکسیر ہے۔ غربت، تنگیٔ رزق کاروبار کا نہ ہونا، ملازمت نہ ملنا، دکان کا حسبِ منشا نہ چلنا، ادائیگی قرض کی پریشانی مال نہ ہونے کی وجہ سے اولاد کی شادی کا مسئلہ غرضیکہ رزق کے متعلقہ جتنے بھی مسائل ہوں اس دُعا کو روزانہ ایک سو مرتبہ سو دن تک پڑھنے سے اللہ کی رحمت سے حل ہو جائیں گے جو شخص اسے بعد نمازِ فجر وظیفہ کے طور پر روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اللہ اس کے رزق میں اضافہ فرما دے گا اور اس کی روزی میں برکت پیدا ہو گی جو شخص اس دُعا کو اعتکاف میں کثرت سے پڑھے گا وُہ حسبِ منشا، مال و دولت پائے گا۔

۱۱ بار روزانہ

يَا مَنْ يَمْلِكُ حَوَائِجَ السَّائِلِيْنَ وَيَعْلَمُ

اے وہ ذات جو مالک ہے سب مانگنے والوں کی حاجتوں کا اور جانتا ہے

ضَمِيْرَ الصَّامِتِيْنَ لِكُلِّ مَسْئَلَةٍ مِّنْكَ

سب بے زبانوں کے دل کی بات ہر ہر سوال کے لیے جو تجھ سے کیا

سَمْعٌ حَاضِرٌ وَّجَوَابٌ عَتِيْدٌ وَّلِكُلِّ صَامِتٍ

جائے سنتا ہے حاضر اور جواب ہے تیار اور ہر خاموش کے لیے

مِّنْكَ عِلْمٌ بَاطِنٌ مُّحِيْطٌ اَسْئَلُكَ بِمَوَاعِيْدِكَ

تیری طرف سے علم ہے پوشیدہ احاطہ کرنے والا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے سچے

الصَّادِقَةِ وَاَيَادِيْكَ الْفَاضِلَةِ وَرَحْمَتِكَ

وعدوں کے سبب سے اور تیری بخششوں کی وجہ سے جو بڑی فضیلت والی ہیں اور تیری رحمت

الْوَاسِعَةِ وَسُلْطَانِكَ وَمُلْكِكَ الدَّائِمِ

گنجائش والی کے سبب اور تیرے غلبے اور سلطنت ہمیشہ رہنے والی کی بدولت

وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ يَا مَنْ لَّا تَنْفَعُهٗ

اور تیرے پورے کلموں کے طفیل اے وہ ذات جس کو نہیں فائدہ دیتی

طَاعَةُ الْمُطِيْعِيْنَ وَلَا تَضُرُّهٗ مَعْصِيَةُ

بندگی بندگی کرنے والوں کی اور نہ نقصان کرتے ہیں اس کا کچھ گناہ

الْعَاصِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

گنہگاروں کے درود بھیج اوپر محمدؐ کے اور آل اس کی کے اور

اُرْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِكَ وَاَعْطِنِیْ فِیْمَا
رزق دے مجھ کو اپنے فضل سے اور دے مجھے بیچ اس چیز کے
تَرْزُقُنِیْ الْعَافِیَةَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ
جو رزق دیوے تو عافیت (عین) اپنی رحمت سے اے سب رحم کرنے
الرّٰحِمِیْنَ ؀
والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والے

مسنون دُعائیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ طریقہ سکھلایا ہے کہ جو بھی کام کریں اس میں رضاءِ الٰہی کی خاطر کسی نہ کسی صورت میں اللہ تعالیٰ کا نام لیں تاکہ اللہ تعالیٰ کی تائید اور رحمت شاملِ حال ہو جائے اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو بھی کام کرتے دُعا پڑھتے جنہیں مسنون دُعائیں کہا جاتا ہے یہ دُعائیں احادیث کی کتب میں موجود ہیں لہٰذا ان دعاؤں کو پڑھنا عین سنت ہے۔ دُعاؤں کی مشہور کتاب حصن حصین سے چند منتخب شدہ دُعائیں حسبِ ذیل ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

① صبح کی دعا | اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ط

② بیداری کی دعا | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَحْيَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ط

③ شام کی دعا | اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ ط

④ صبح شام کی دعا | اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا ط

⑤ سوتے وقت کی دعا | بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ اَمُوْتُ وَ اَحْيَا ط

(۶) خواب دیکھنے کی دُعا | خَيْرًا تَلْقَاهُ وَشَرًّا تَوَقَّاهُ خَيْرًا لَنَا وَشَرًّا عَلٰى اَعْدَآئِنَا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

(۷) بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ط

(۸) بیت الخلاء سے باہر آنے کی دُعا | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنِّي الْاَذٰى وَعَافَانِيْ۔

(۹) آغازِ وضو کی دُعا | اَتَوَضَّاُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

(۱۰) اختتامِ وضو کی دُعا | اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ط اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ط

(۱۱) غسل کرنے کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ط

(١٢) اذان کے بعد کی دُعا — اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ
التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ
وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا
مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ
الْقِيَامَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ط

(١٣) شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دُعا — رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ
مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ
يَّحْضُرُوْنِ ط

(١٤) دُکھ سے نجات پانے کی دُعا — اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مَا
كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ
خَيْرًا لِّيْ ط

(۱۵) کسی کے شر سے بچنے کی دعا | اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ ط

(۱۶) گناہوں کی بخشش کی دعا | سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ط

(۱۷) اضافہ حافظہ و علم کی دعا | اس آیت کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ علم میں اضافہ فرماتا ہے اور قوتِ حافظہ کو تیز کرتا ہے رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ط

(۱۸) پریشانی سے نجات کی دعا | یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

(۱۹) مصیبت سے نجات کی دعا | اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ عِبَادِكَ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

(۲۰) پاکیزگیٔ نفس و قلب کی دعا | اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ مِنْ

النِّفَاقِ وَعَمَلِی مِنَ الرِّیَاءِ وَلِسَانِی مِنَ الْکِذْبِ
وَعَیْنِی مِنَ الْخِیَانَۃِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَائِنَۃَ الْاَعْیُنِ
وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ۔

(۲۱) مصیبت زدہ کے لیے دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ
عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ اللّٰہُ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی
کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

(۲۲) طلب ہدایت و رحمت کی دُعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا
بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً ج
اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ط

(۲۳) دفع جنّات کا دم

اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور
سورۂ فاتحہ پانی پر دم کرکے پلا دیا جائے

آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ط

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

اور اگر کوئی شخص جادو یا جنات کے اثر سے بیہوش ہوجاتا ہو تو چلّو بھر پانی پر اس آیت کو پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی کا چھپکا منہ پر مارا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۝ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۝ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

(۲۴) مسجد میں داخل ہونے کی دُعا | بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

(۲۵) مسجد سے نکلنے کی دُعا | بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ،

(۲۶) گھر میں داخل ہونے کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا

بِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا ۔

(۲۷) گھر سے نکلتے وقت کی دُعا | بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

(۲۸) سفر پر روانہ ہونے کی دُعا | اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَہٗ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَکَاٰبَۃِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْٓءِ الْمَنْظَرِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ اٰئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ ط

(۲۹) سواری کی دُعا | سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ط وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ط

(۳۰) مسافر کو رخصت کرنے کی دعا | اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَآئِعُهٗ ،

(۳۱) بستی میں داخل ہونے کی دعا | اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهَا (تین مرتبہ پڑھا جائے) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاهَا وَحَبِّبْنَا اِلٰٓی اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحَ اَهْلِهَآ اِلَیْنَا ط

(۳۲) بادل کو دیکھتے وقت کی دعا | اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْهِ ط

(۳۳) بجلی کڑکتے وقت کی دعا | وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ ط

(۳۴) آندھی سے بچنے کی دعا | اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَخَیْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا وَشَرِّ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ

(۳۵) قبولِ توبہ کے لیے دُعا | ان آیات کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرتا ہے، بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط قُلۡ یٰعِبَادِیَ الَّذِیۡنَ اَسۡرَفُوۡا عَلٰۤی اَنۡفُسِہِمۡ لَا تَقۡنَطُوۡا مِنۡ رَّحۡمَۃِ اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ جَمِیۡعًا ط اِنَّہٗ ہُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ط

(۳۶) ادائیگی قرض کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَ الْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَخَلَعِ الدَّيْنِ وَ غَلَبَةِ الرِّجَالِ،

(۳۷) دُعا تزکیۂ نفس | اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا وَ زَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا وَاَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا۔

(۳۸) کھانا شروع کرنے کی دُعا | کھانا کھانے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا چاہیئے۔ بھول جانے کی صورت میں جب یاد آئے تو پڑھا جائے بِسۡمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ۔

(۳۹) کھانے کے بعد کی دُعا | اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡۤ اَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ ؕ

(۴۰) پیٹ درد کا دم | اس آیت کو پڑھ کر پیٹ پر دم کر لیا جائے یا پانی پر دم کر کے پی لیا جائے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ کُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا هَنِیۡٓـًٔا بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ؕ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ؕ

(۴۱) میزبان کے لیے دُعا | اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لَهُمۡ فِیۡمَا رَزَقۡتَهُمۡ وَاغۡفِرۡ لَهُمۡ وَارۡحَمۡهُمۡ۔

(۴۲) نیا پھل دیکھنے کی دُعا | اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لَنَا فِیۡ ثَمَرِنَا

وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَ
بَارِكْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا۔

(۴۳) نیا چاند دیکھنے کی دُعا
اَللّٰهُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَیْنَا
بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ
لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ۔

(۴۴) نیا لباس پہننے کی دُعا
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ
هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

(۴۵) مجلس کے خاتمہ کی دُعا
اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ
خَشْیَتِكَ مَا تَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعْصِیَتِكَ وَ
مِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْیَقِیْنِ
مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَیْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْیَا۔ اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا
بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْیَیْتَنَا وَاجْعَلْهُ

الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَ
انْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا
فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ
عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔

(۴۶) سحری کی دُعا | وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ
رَمَضَانَ۔

(۴۷) افطار کی دُعا | اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ (مشکوٰۃ)

دیگر دُعا: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ
وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔

(۴۸) تحفہ لیتے وقت | بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ۔

(۴۹) تحفہ دیتے وقت | وَفِيْهِمْ بَارَكَ اللّٰهُ۔

(۵۰) اچھی چیز دیکھنے کی دُعا | مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

(۵۱) بُری چیز سے بچنے کی دُعا | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ

۵۲ نومسلم کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

۵۳ ایامِ بیض کی دُعا | چاند کی ۱۳-۱۴-۱۵ تاریخ کو بعد نمازِ مغرب یہ درود پڑھیں: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

۵۴ حصولِ قوّت کی دُعا | رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ط

۵۵ لکنت دُور کرنے کا وظیفہ | اگر زبان میں لکنت ہو تو اس آیت کو پڑھا کرے، اس کے پڑھنے سے سینہ بھی کشادہ ہو جاتا ہے۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ

عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ؕ

۵۶ طلب اولاد کے لیے دُعا | رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ؕ

۵۷ حالتِ زچگی کی دُعا | دردِ زہ کی حالت میں یا بچہ کی ولادت میں کسی قسم کی کوئی تکلیف ہو تو ان آیتوں کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے زچہ کو پلا دینے سے تمام تکلیفیں رفع ہو جاتی ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝

۵۸ بیمار کی عیادت کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

۵۹ میت کو قبر میں رکھتے وقت | بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔

۶۰ اظہارِ تعزیت کی دُعا | اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِى الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِىْ عَقِبِهٖ فِى الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ، وَافْسَحْ لَهٗ فِىْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ۔

۶۱ قبر پر مٹی ڈالتے وقت | قبر پر مٹی ڈالتے وقت مستحب یہ ہے کہ سرہانے کی طرف سے ابتداء کی جائے اور ہر شخص اپنے دونوں ہاتھوں میں مٹی بھر کر قبر پر ڈال دے۔ پہلی مرتبہ پڑھے:

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ (اسی زمین سے ہم نے تم کو پیدا کیا)

دُوسری مرتبہ کہے:

وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ (اور اسی میں تم کو لوٹا کر لائیں گے)

اور تیسری مرتبہ

وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى (اور اسی سے قیامت کے

روز تم کو دوبارہ نکال کھڑا کریں گے) پڑھے۔

(۶۲) قبرستان کی دعا | اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَھْلَ دَارِ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَّاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْأَلُ اللّٰہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ یَرْحَمُ اللّٰہُ الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَاْخِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِیَۃِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَۃِ وَالْعِظَامِ النَّخِرَۃِ اَدْخِلْ ھٰذِہِ الْقُبُوْرَ مِنْکَ رَوْحًا وَّرَیْحَانًا وَّمِنَّا تَحِیَّۃً وَّسَلَامًا ط

(۶۳) والدین کے حق میں دعا | رَّبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ط

برائے ایصال ثواب

والدین

غلام رسول صدیقی

نیشنل سائنٹفک کارپوریشن